Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 — بدھ، 15 اپریل 2026ء، 26 شوال المکرم 1447ھ، قیمت 10 روپے — شمارہ 04

69 فیصد عوام کا مریم نواز کی حکومت پر بھرپور اعتماد کا اظہار

اطمینان کی مہر لگا دی، لاہور سے راجن پور تک ترقی کا سفر جاری، مریم نواز نے پنجاب میں گڈ گورننس کے نئے معیارات قائم کر دیئے ہیں

سفارشی کلچر کا خاتمہ، میرٹ کی حکمرانی ہے، مریم نواز کی مقبولیت کا گراف ہر گزرتے دن کیساتھ بلند ہو رہا ہے' صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری

سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف دی روشان کی نئی آؤٹ لیٹ کا افتتاح ربن کاٹ کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب کے عوام نے مریم نواز کی قیادت میں صوبائی حکومت کی کارکردگی پر اطمینان کی مہر لگا دی ہے۔ حالیہ سروے کے مطابق پنجاب کے 69 فیصد عوام نے مریم نواز کی حکومت پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب عوام کی توقعات پر پورا اتر رہی ہیں۔ اپنے ایک بیان میں (بقیہ نمبر 1)

وزیراعظم سے رانا ثناء اللہ اور امیر مقام کی ملاقات

مجموعی سیاسی صورتحال، حکومتی امور اور سیاسی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال

عوامی خدمت کے ایجنڈے کو مزید تیزی سے آگے بڑھانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے عوامی خدمت کے ایجنڈے کو مزید تیزی سے آگے بڑھانے اور عوامی مسائل کے حل کو اولین ترجیح دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت عوام کی فلاح و بہبود اور ملک کی معاشی ترقی کے لیے (بقیہ نمبر 3)

سردار ایاز صادق کی بیساکھی کے تہوار پر سکھ برادری کو مبارکباد

پاکستان میں بسنے والے عوام مختلف عقائد اور ثقافتوں پر مشتمل ایک خوبصورت گلدستہ ہیں، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بیساکھی کے تہوار پر سکھ برادری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ تہوار بین المذاہب ہم آہنگی، بھائی چارے اور رواداری کے فروغ کا پیغام دیتا ہے۔ بیساکھی تہوار (بقیہ نمبر 5)

پاکستان کی معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے

پاکستان کی ریٹنگ بی نیگیٹو برقرار رکھنا معیشت میں بہتری اور پالیسیوں کے تسلسل کی علامت ہے، مشیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی معیشت اصلاحات، استحکام اور پائیدار ترقی سے بہتری کی جانب گامزن ہے جس کا واضح ثبوت فچ کی جانب سے پاکستان کی ریٹنگ برقرار رکھنا ہے۔ مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد کے (بقیہ نمبر 4)

فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی کا 16 واں سینڈیکیٹ اجلاس

الائیڈ اور ٹیچنگ ہسپتالوں کے سروس کنٹریکٹس، لیب کٹس و آکسیجن کی خریداری اور پوسٹ گریجویٹ سیٹوں میں اضافہ منظور

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی کا 16 واں سینڈیکیٹ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وائس چانسلر فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ظفر علی چوہدری، ایڈیشنل (بقیہ نمبر 2)

وزیراعلیٰ کا ''ورک ود پنجاب گورنمنٹ'' پروگرام شروع کرنے کا اعلان، زرعی اور دیگر گریجوایٹس کو انٹرن شپ کے مواقع مہیا کیے جائینگے

کاشتکاروں کو باردانہ مفت دینے کا اعلان

گندم خریداری کے 72 گھنٹے کے اندر کاشتکار کو ادائیگی ضروری قرار، کسان کارڈ ہولڈرز کاشتکاروں سے ترجیحی بنیادوں پر گندم خریدنے کا اصولی فیصلہ

صوبہ بھر میں زرعی پراجیکٹس پر 8 فیصد کسانوں نے بھرپور اعتماد کا اظہار کر دیا، کسان کارڈ کے ذریعے 9 لاکھ کاشتکاروں کی رجسٹریشن، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی کسان کارڈ کیلئے کاشتکاروں کی رجسٹریشن جاری رکھنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گندم کے کاشتکاروں کو 6 ارب روپے کا باردانہ مفت دینے کا اعلان کیا ہے۔ رجسٹرڈ کاشتکاروں کو پرچیز سنٹر سے فی ایکڑ 10 بوری باردانہ دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں گندم خریداری، باردانہ اور گرین ٹریکٹر سکیم کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کاشتکار سے 3500 روپے فی من گندم خریداری فوری شروع کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں کسان کارڈ ہولڈرز کاشتکاروں سے ترجیحی بنیادوں پر گندم خریدنے کا اصولی فیصلہ کیا گیا۔ اس موقع پر 3500 روپے فی من کے نرخ پر گندم خریداری کے 72 گھنٹے کے اندر کاشتکار کو ادائیگی ضروری قرار دیا گیا۔ صوبائی اور (بقیہ نمبر 11)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو محکمہ تعمیرات و مواصلات سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے

خریف فصلوں کے اہداف مقرر، ربیع کی فصلوں کا جائزہ بھی جاری

گندم کی پیداوار میں معمولی اضافہ، 2 کروڑ 93 لاکھ ٹن سے تجاوز کر گئی

لاہور (این این آئی) وزارت غذائی تحفظ نے خریف فصلوں کے اہداف مقرر کر دیئے۔ دستاویزات کے مطابق ملک میں کپاس کی پیداوار کا ہدف 96 لاکھ 42 ہزار ٹن مقرر ہے، کپاس کا زیر کاشت رقبہ 21 لاکھ 60 ہزار ہیکٹر سے زائد رکھنے کا (بقیہ نمبر 6)

نجی اسکولوں میں مفت تعلیم کوٹہ کی مانیٹرنگ کیلئے کمیٹی قائم

اسلام آباد (اے ایف بی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں نجی اسکولوں میں 10 فیصد مفت تعلیم کوٹے پر عمل درآمد سے متعلق کیس میں رپورٹ جمع کروا دی گئی۔ رپورٹ (بقیہ نمبر 7)

وزیراعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس، بڑے روڈ منصوبوں کی منظوری

مساوی ترقی اور خوشحالی کے لیے ہر شہر اور ہر گاؤں تک سڑکوں کی تعمیر ناگزیر ہے، مریم نواز شریف

ملتان وہاڑی روڈ کو صوبے کی پہلی ڈسٹ فری سڑک قرار، اجلاس میں راولپنڈی سگنل فری کوریڈور پراجیکٹ پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں اہم اور بڑے روڈ پراجیکٹس کی منظوری دی۔ اجلاس میں ملتان وہاڑی روڈ کو صوبے کی پہلی ڈسٹ فری سڑک قرار دیتے ہوئے اس کی بروقت اور معیاری تعمیر پر زور دیا گیا اور کہا کہ روڈ کی بیس اور سب بیس مکمل ہو چکی ہے جبکہ سفالٹ بچھانے کا کام تیزی سے جاری ہے۔ وزیراعلیٰ نے لاہور رنگ روڈ کے (بقیہ نمبر 17)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی پیر سید عمران احمد شاہ کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ایران امریکا مذاکرات: پاکستان کے دوسرے مرحلے کی میزبانی کی پیشکش

مذاکرات کے دوسرے راؤنڈ کیلئے کوششیں تیز، رابطے شروع، مذاکرات کا اگلا دور چند روز میں پاکستان میں ہو سکتا، غیرملکی میڈیا

امریکا اور ایران کے مذاکرات اب بھی جاری ہیں، معاہدے تک پہنچنے کے لیے پیش رفت ہو رہی ہے، امریکی نشریاتی ادارہ کی رپورٹ

اسلام آباد / نیویارک (این این آئی) پاکستان نے ایران امریکا مذاکرات کے دوسرے مرحلے کی میزبانی کی پیش کش کی ہے، جس کے باعث اگلا دور چند روز میں متوقع ہے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق پاکستان نے سیز فائر کی مدت ختم ہونے سے پہلے مذاکرات اسلام آباد (بقیہ نمبر 8)

لوڈشیڈنگ بے قابو، شارٹ فال 1000 میگاواٹ تک پہنچ گیا

شہری علاقوں میں 2 سے 3 گھنٹے، دیہی علاقوں میں 4 سے 5 گھنٹے تک بجلی کی بندش رپورٹ

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں ایک بار پھر غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے سر اٹھا لیا۔ لیسکو ریجن کے مختلف علاقوں میں بجلی کی بندش کا سلسلہ شروع ہو (بقیہ نمبر 9)

پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف اور پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو پی اے ایف اکیڈمی اصغرخان، رسالپور میں گریجویشن کی تقریب کے دوران گریجویشن افسران کے ساتھ

مریم نواز حکومت کی دو سالہ کارکردگی: ستھرا پنجاب سرفہرست رہا، ذیشان رفیق

آئی پور IPOR کے سروے میں عوام کا اعتماد ستھرا پنجاب کی پوری ٹیم کے لئے بہت بڑا اعزاز ہے

ستھرا پنجاب سے بڑھتی توقعات پورا کرنا ہمارا فرض ہے، وزیر بلدیات کا ستھرا پنجاب کے ایم ڈیز سے خطاب

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ ستھرا پنجاب کے کنٹرول ڈویژن سے ضلع کو منتقل کر دیا گیا ہے، مریم نواز حکومت کی دو سالہ کارکردگی میں ستھرا پنجاب سرفہرست رہا، غیر جانبدار ادارے انسٹی ٹیوٹ آف پبلک اوپینین اینڈ ریسرچ IPOR کے سروے میں عوام نے ستھرا پنجاب کو سب سے اچھی ریٹنگ دی۔ وہ ستھرا پنجاب اتھارٹی آفس میں اضلاع میں تعینات ہونے والے پنجاب ایجنسیز کے مینجنگ ڈائریکٹرز کے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں اظہار خیال کر رہے تھے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ (بقیہ نمبر 12)

مصنوعی ذہانت میں ایک ارب ڈالر سرمایہ کاری کرنے کا فیصلہ

اے آئی کی ترقی کیلئے جدید کمپیوٹنگ پاور اور جی پی یوز فراہم کیے جائیں گے، رپورٹ

اسلام آباد (اے ایف بی) وفاقی حکومت نے مصنوعی ذہانت (اے آئی) میں ایک ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 18)

ریلوے اسٹیشن کے باہر قلی کام نہ ہونے کے باعث تعمیراتی منصوبے کیلئے لگائے گئے ہورڈنگ بورڈ کے ساتھ بیٹھے ہوئے ہیں

صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی ہائی ٹیک فارم میکانائزیشن پروگرام کی تقریب میں کمبائنڈ ہارویسٹرز کی چابیاں کسانوں کو دے رہے ہیں

سی سی ڈی کے مبینہ پولیس مقابلے میں مطلوب ملزم ہلاک

لاہور (این این آئی) سی سی ڈی کے ساتھ مبینہ پولیس مقابلے میں سنگین وارداتوں میں مطلوب ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق مبینہ مقابلہ سی سی ڈی کوتوالی کے ساتھ ہوا، ملزم اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوا۔ ہلاک ہونے والے شخص کی شناخت عمران کے نام سے ہوئی ہے، 42 سالہ عمران ریکارڈ (بقیہ نمبر 19)

لیڈی کانسٹیبل مبینہ طور پر اغواء، مقدمہ درج، تلاش جاری

کانسٹیبل عائشہ گھر سے ڈیوٹی کیلئے نکلی، ڈیوٹی پوائنٹ پر نہ پہنچی، ایف آئی آر

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقے قلعہ گجر سنگھ میں ڈیوٹی پر تعینات لیڈی پولیس کانسٹیبل مبینہ طور پر اغوا ہو گئی، پولیس نے مقدمہ درج کر کے تلاش شروع کر دی۔ ایف آئی آر کے مطابق کانسٹیبل عائشہ گھر سے ڈیوٹی کے لیے نکلی تھیں لیکن (بقیہ نمبر 20)

پی اے ایف اکیڈمی اصغرخان میں گریجویشن تقریب کا انعقاد

سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف مہمانِ خصوصی تھے، اکیڈمی آمد پر ان کا استقبال ایئر وائس مارشل شہریار خان، ایئر آفیسر کمانڈنگ، پی اے ایف اکیڈمی اصغرخان نے کیا

سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے انہیں ٹریننگ کامیابی سے مکمل کرنے پر مبارکباد دی اور اکیڈمی کو باکردار، منظم اور پیشہ ور افسران تیار کرنے پر سراہا

یہ نوجوان افسران پاک فضائیہ کی شاندار روایات کو برقرار رکھتے ہوئے سیکنڈ ٹو نن کے وژن کو آگے بڑھائیں گے، سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف

پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف، پی اے ایف اکیڈمی اصغرخان، رسالپور میں منعقدہ گریجویشن تقریب میں امتیازی ہولڈرز کو ٹرافیاں دے رہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) پی اے ایف اکیڈمی اصغرخان، رسالپور میں 152 ویں جی ڈی (پی)، 98 ویں انجینئرنگ، 109 ویں ایئر ڈیفنس (الفا و براوو)، 28 ویں ایڈمن اینڈ اسپیشل ڈیوٹیز (الفا و براوو)، 11 ویں لاجسٹکس (الفا) اور 135 ویں کامبیٹ سپورٹ کورسز کی گریجویشن تقریب منعقد ہوئی۔ سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے بطور مہمانِ خصوصی تقریب میں شرکت کی۔ اکیڈمی آمد پر ان کا استقبال ایئر وائس مارشل شہریار خان، ایئر آفیسر کمانڈنگ، پی اے ایف اکیڈمی اصغرخان نے کیا، جبکہ سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو بھی اس (بقیہ نمبر 10)

پی پی ایس سی میں جونیئر کلرک کی 20 اسامیوں پر امیدوار کامیاب قرار

اوپن میرٹ، ویمن اور اقلیتی کوٹہ کے تحت بھرتیاں مکمل، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب پبلک سروس کمیشن لاہور میں جونیئر کلرک کی 20 اسامیوں کے لیے امیدواروں کو حتمی طور پر کامیاب قرار دے دیا گیا اور سیکرٹری پنجاب پبلک (بقیہ نمبر 13)

پنجاب میں بم ڈسپوزل اسٹاف کی بھرتیوں پر پابندی ختم

کابینہ نے منظوری دیدی، بم ڈسپوزل اسکواڈ میں 14 کمانڈر اور 60 ٹیکنیشنز بھرتی کیے جائیں گے' ذرائع

ذرائع نے بتایا کہ بم ڈسپوزل عملے کی کمی سے آپریشنل صلاحیت متاثر ہونے کا خدشہ تھا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے بم ڈسپوزل اسٹاف کی بھرتیوں پر عائد پابندی ختم کر دی، جس کے بعد صوبائی کابینہ نے بھرتیوں کی باقاعدہ اجازت دے دی۔ ذرائع کے مطابق محکمہ داخلہ کی جانب سے سکیورٹی صورت حال کے پیش نظر ان بھرتیوں کو ناگزیر قرار دیا گیا تھا۔ ہوم ڈیپارٹمنٹ نے بم ڈسپوزل کی 74 خالی اسامیوں پر فوری بھرتیوں کے لیے وزیراعلیٰ پنجاب سے (بقیہ نمبر 21)

چوہدری ظفر اقبال کے صاحبزادے چوہدری سہیل ظفر کی دعوت ولیمہ

مجسٹریٹ فتح جنگ چوہدری شفقت محمود کی دعوت ولیمہ میں شرکت، دولہا کو دلی مبارکباد

چکوال (نمائندہ خصوصی) تحصیلدار و مجسٹریٹ فتح جنگ و حسن ابدال اٹک چوہدری شفقت محمود نے چکوال کے صاحبزادے چوہدری سہیل ظفر کی پُروقار دعوت ولیمہ میں شرکت کی۔ اس موقع پر معروف شخصیت چوہدری ظفر اقبال میاں مائر ان کے ہمراہ ریٹائرڈ (بقیہ نمبر 14)

معروف شخصیت چوہدری ظفر اقبال کے صاحبزادے چوہدری سہیل ظفر کی دعوت ولیمہ میں تحصیلدار و مجسٹریٹ فتح جنگ و حسن ابدال اٹک چوہدری شفقت محمود و دیگر شریک ہیں

پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف، پی اے ایف اکیڈمی اصغرخان، رسالپور میں منعقدہ گریجویشن تقریب میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والوں کو اعزازی تلوار دے رہے ہیں

خانیوال، مزدا اور موٹر سائیکل میں تصادم تین افراد جاں بحق

خانیوال (این این آئی) مزدا اور موٹر سائیکل میں تصادم تین افراد جاں بحق۔ تفصیل کے مطابق اڈہ بارہ میل (کبیر والا) کے قریب موٹر سائیکل اور مزدہ میں حادثہ میں موٹر سائیکل سوار تین افراد جاں بحق ۔ موٹر سائیکل (بقیہ نمبر 23)

ایچ آئی وی کا پھیلاؤ جاری، 329 بچے وائرس سے متاثر

سندھ میں روزانہ بچوں کے اوسطاً 3 سے 4 نئے ایچ آئی وی کیسز سامنے آ رہے ہیں

اسلام آباد (اے ایف بی) صوبہ سندھ میں رواں سال اب تک 329 بچے ایچ آئی وی سے متاثر ہوئے ہیں۔ حکام کے مطابق صوبہ سندھ میں بچوں میں ایچ آئی وی کا پھیلاؤ جاری ہے جس کے تحت صوبے میں رواں سال اب تک 329 بچے ایچ آئی وی سے متاثر ہو چکے ہیں۔ حکام نے بتایا کہ ڈیٹا کے مطابق متاثرہ بچوں میں 188 لڑ (بقیہ نمبر 22)

صنعتی ترقی کیلئے میڈ اِن پنجاب پروگرام شروع کرنے کا فیصلہ

مقامی مصنوعات کے فروغ، ایس ایم ایز کی معاونت، روزگار اور برآمدات میں اضافے کے لیے جامع حکمت عملی تیار

لاجسٹکس نظام بہتر ہونے سے کاروباری سرگرمیوں میں تیزی آئے گی ریگولیٹری سہولت اور عالمی معیار پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صنعتی ترقی کے لئے میڈ اِن پنجاب پروگرام تیار کرنے کا فیصلہ کر لیا، مقصد مقامی مصنوعات کو فروغ دینا ہے جس روزگار کے مواقعوں کے ساتھ صنعتی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔ حکام کے مطابق پنجاب میں کلسٹر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے قیام کی سفارشات پیش کی گئی ہیں جسکے تحت صنعتی انفراسٹرکچر، لاجسٹکس اور سپلائی چین کو جدید بنایا جائے گا اور جدید ٹیکنالوجی تک رسائی اور جدت کو فروغ دیا جائے گا جبکہ ایس ایم ایز کو خصوصی سہولیات اور مراعات فراہم ہوں گی۔ حکام نے بتایا کہ میڈ اِن پنجاب پروگرام کے تحت مقامی مصنوعات کو فروغ ملے (بقیہ نمبر 24)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ایم این اے طاہرہ اورنگزیب، سابق ایم این اے راجہ جاوید اخلاص ایم این اے ملک ابرار، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری انفارمیشن بیرسٹر دانیال چوہدری، پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات پنجاب شازیہ رضوان افسر، سینیٹر ناصر بٹ، عاصیہ ناز تنولی ایم پی اے ڈپٹی کمشنر آفس راولپنڈی میں ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے اجلاس میں شریک ہیں

6 سالہ بچی مردہ حالت میں ہسپتال منتقل، جسم پر تشدد کے نشانات

کمسن بچی کو ہسپتال لانے والے باپ اور سوتیلی ماں کو حراست میں لے لیا گیا، پولیس

لاہور (این این آئی) گرین ٹاؤن میں 6 سالہ بچی فاطمہ مردہ حالت میں ہسپتال منتقل کی گئی جس کے جسم پر تشدد کے نشانات بھی پائے گئے۔ پولیس کے مطابق بچی جناح ہسپتال میں مردہ حالت میں لائی گئی جبکہ بچی کا باپ اور سوتیلی ماں بھی ہسپتال (بقیہ نمبر 15)

پاکستان خطے میں امن کے فروغ کیلئے کوشاں ہے، امیر مقام

ہماری افواج اور قوم ہر چیلنج کا مقابلہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں

چارسدہ (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران اور صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ پاکستان نہ صرف خطے میں امن کے فروغ کیلئے کوشاں ہے بلکہ امریکا اور ایران کے درمیان اہم سفارتی عمل میں بھی مثبت کردار ادا کر رہا ہے، ہماری افواج اور قوم ہر چیلنج کا مقابلہ کرنے کی بھرپور (بقیہ نمبر 16)

پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف اور پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو پی اے ایف اکیڈمی اصغرخان رسالپور میں منعقدہ گریجویشن تقریب کے دوران شاندار فلائی پاسٹ کا مشاہدہ کر رہے ہیں

Daily Awami Lalkaar عوامی للکار
ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

پولیو ٹیم پر حملہ

گزشتہ روز ہنگو میں انسداد پولیو ٹیم پر حملے میں ایک پولیس اہلکار شہید اور چار زخمی ہوگئے ۔حکومت نے گزشتہ روز ہی اس عزم کے ساتھ ملک گیر پولیو مہم کا آغاز کیا ہے کہ ملک بھر میں پانچ سال سے کم عمر ساڑھے چار کروڑ بچوں کو ہر حال میں پولیو ویکسین فراہم کی جائے گی مگر ہنگو میں پولیو ٹیم پر حملے سے ظاہر ہوتا ہے کہ گمراہ اور شدت پسند عناصر ملک سے پولیو کا خاتمہ نہیں چاہتے ۔انہی عناصر کی وجہ سے ہی پاکستان آج بھی پولیو زدہ ممالک کی فہرست میں شامل ہے۔رواں برس فروری میں ہونے والی ملک گیر پولیو مہم کے دوران بھی شمالی وزیرستان اور چمن میں پولیو ٹیموں کی سیکورٹی پر معمور دو اہلکاروں کو قتل کیا گیا تھا جبکہ لاہور، بھکر اور کراچی میں پولیو ٹیموں کو ہراسانی کا سامنا بھی کرنا پڑا۔ لیکن اب یہ سلسلہ روکنے کیلئے حکومت کو سخت اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔معصوم بچوں میں پولیو قطروں کی صورت میں زندگی بانٹنے والوں کی جان اتنی ارزاں نہیں۔دوسری طرف پولیو ورکرز اور ان کی حفاظت پر مامور اہلکار مشکلات کے باوجود پوری جانفشانی سے اپنے فرائض کی انجام دہی میں مصروف ہیں۔اگر پھر بھی کوئی بچہ پولیو کے قطروں سے محروم رہ جاتا ہے تو اس کے ساری ذمہ داری والدین پر عائد ہوگی۔والدین کو چاہیے کہ وہ کسی کے بھی بہکاوے میں آکر اپنے بچوں کو پولیو کے قطروں سے محروم نہ رکھیں۔

مذاکرات کا اختتام نہیں آغاز

ڈاکٹر حسین احمد پراچہ

ہفتے اور اتوار کو مصر کا مشہور ٹی وی چینل "شمس" میرے ساتھ مسلسل رابطے میں رہا۔ ان دو دنوں میں پاکستان ہی سارے جہاں کا مرکزِ نگاہ تھا۔اتوار کے روز چینل کی اینکر مروہ المقدادی نے مجھ سے سوال کیا: دکتور! مذاکرات کے حوالے سے کوئی اچھی خبر؟ میں نے جواب دیا کہ ''مزید جنگ نہیں ہو گی''۔سبب اس کا یہ ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ سمیت طرفین ہفتے اور اتوار کی درمیانی شب کو ہونے والے مذاکرات کے بارے میں عمومی طور پر مثبت توقعات کا اظہار کر رہے تھے۔ لیکن تازہ ترین خبروں کے مطابق اب ٹرمپ آبنائے ہرمز بند کرنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔ موجودہ امریکی صدر کی پل پل بدلتی طبیعت کا اندازہ لگانے کیلئے مصنوعی ذہانت بھی کوئی آلہ یا پیمانہ دریافت نہیں کر سکی۔ٹرمپ صاحب کی طبیعت کے بارے میں استاد گرامی کا شعر پیش کیا جاسکتا ہے کہ

دوستو! میری طبیعت کا بھروسہ کچھ نہیں
ہنستے ہنستے آنکھوں میں رنگِ ملال آجائے گا

جب اینکر نے کہا کہ بظاہر جنگ نہ ہونے کے بارے میں کوئی ڈیل تو نہیں ہوئی تو جواباً عرض کیا: اکثر معاملات پر اتفاق ہو چکا ہے۔ امریکہ نے بھی ٹھوس موضوعات پر سنجیدہ گفتگو کا اعتراف کیا ہے۔اسی طرح ایران نے بھی یہی کہا ہے کہ اکثر موضوعات پر بات آگے بڑھی مگر دو تین نکات پر اتفاقِ رائے نہیں ہو سکا۔ گویا اتفاق زیادہ اور اختلاف کم ہے۔ ورکنگ ڈنر کے ایک مختصر وقفے کے علاوہ مسلسل 21 گھنٹے امریکہ اور ایران کے وفود کے درمیان روبرو براہِ راست مذاکرات جاری رہے۔

دونوں مذاکراتی ٹیموں نے مذاکرات کے نتائج کا اپنا اپنا مسودہ ایک دوسرے کے حوالے کیا۔ پاکستانی قیادت کی بھرپور کوشش تو یہ تھی کہ امریکی و ایرانی دونوں وفود مزید ایک روز کیلئے اپنا قیام بڑھائیں تاکہ کوئی ابتدائی نوعیت کی ڈیل طے پا جائے مگر امریکہ کے نائب صدر آمادہ نہ ہوئے۔ تاہم جنگ بندی قائم ہے اور فریقین کسی ڈیل پر پہنچنے کیلئے کوشاں ہیں۔ اتوار کی صبح چھ بجے امریکی نائب صدر اسلام آباد سے روانہ ہو گئے۔ وقتِ رخصت جے ڈی وینس نے پاکستان کے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی مہمان نوازی اور سہولت کاری کی بہت تعریف کی اور شکریہ ادا کیا۔ جے ڈی وینس نے بین السطور ایسے اشارے بھی دیے ہیں کہ رشتۂ امید ٹوٹا نہیں برقرار ہے اور بات بننے کی ابھی بہت توقعات ہیں۔امریکی نائب صدر نے کہا کہ ہم ایک سادہ سی تجویز ساتھ لے کر جا رہے ہیں کہ بعض اوقات پیچیدہ کے بجائے سادہ سا فارمولا بات کو بگڑنے سے بچا لیتا ہے۔ فریقین کے ایک دوسرے کیلئے ریمارکس اور باڈی لینگوئج نہایت مثبت ہے۔

ہماری رائے میں کئی دہائیوں سے منجمد ایرانی اثاثوں کو امریکہ جاری کرنے پر آمادہ ہو گیا تھا۔اس کے علاوہ امریکہ کی طرف سے ایران کے ساتھ تجارت پر عائد کردہ پابندیوں کو بھی کسی حد تک اٹھانے کی بات آگے بڑھی تھی مگر ہماری معلومات کے مطابق دو باتوں پر سخت اڑچن پیدا ہو گئی۔ایک تو ایران کی طرف سے نیوکلیئر اہلیت اختیار کرنے سے مکمل اجتناب کی گارنٹی نہ دی گئی' دوسری اڑچن لبنان میں اسرائیلی حملے تھے۔امریکہ اسرائیل سے لبنان پر حملے روکنے کی دوٹوک ضمانت لے کر نہ دے سکا۔ اسرائیل نے واشنگٹن میں لبنان سے جنگ بندی مذاکرات کا اعلان تو کیا تھا مگر اسرائیلی فوجوں نے ہفتے کے روز لبنان اور غزہ میں 19 افراد کو شہید کر کے اسلام آباد مذاکرات کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کی۔ اسی طرح آبنائے ہرمز پر کسی بڑی پیشرفت کا نہ ہونا بھی مذاکرات کو نتیجہ خیز بنانے میں یقیناً ایک بہت بڑی رکاوٹ ثابت ہوا ہوگا۔ اگر کسی کا یہ خیال تھا کہ 47 برس بعد پہلی ہی ملاقات میں کوئی بڑی پیشرفت ہو جائے گی تو یہ ان کی حد سے بڑھی ہوئی خوش فہمی تھی۔ اسلام آباد میں 47 برس کے بعد روبرو متحارب فریقین کی بہت اچھے ماحول میں 21 گھنٹے طویل ملاقات کا ہو جانا ہی ایک مثبت پیشرفت ہے۔پاکستان نے جس کارِ خیر کا بیڑہ اٹھایا ہے اسے وہ خوشگوار انجام تک پہنچانے کا عزمِ صمیم رکھتا ہے۔ شاعر بھی سفارتکاری کے اچھے گر جانتے ہیں' تبھی تو داغ دہلوی نے کہا تھا کہ "اور کھل جائیں گے دو چار ملاقاتوں میں"۔

پاکستان کی مسلسل کوشش سے فریقین کے مابین مذاکرات کے کئی اور راؤنڈ کئی سطحوں پر ہوں گے۔ امریکی قیادت پر یہ حقیقت آشکار ہو چکی ہے کہ امریکی سیاستدان' ممبرانِ کانگریس اور دو چار نہیں کم و بیش 80 لاکھ امریکی عوام نے سڑکوں پر آ کر امریکی قیادت کو باور کرایا کہ یہ جنگ امریکہ کی نہیں' اسرائیل کی ہے۔ ان حالات میں امریکہ تین نومبر کے مڈٹرم انتخابات پر توجہ مرکز کرے گا اور ایران پر دوبارہ جنگ مسلط نہیں کرے گا۔

اب تک کی جنگ سے ایران کا اگرچہ بھاری جانی و مالی نقصان ہوا ہے مگر اس کی بھرپور مزاحمت اور جواں مردی سے ساری دنیا پر ایران کی دھاک بیٹھ گئی ہے۔ اس سے بھی بہت بڑا فائدہ ایران کو یہ ہوا کہ ساری دنیا کے عوام و خواص کی مکمل ہمدردیاں ایران کے ساتھ ہیں۔ یورپ' آسٹریلیا اور دیگر بہت سے ممالک کی حکومتوں نے بھی امریکہ کی کوششوں کے باوجود جنگ میں اس کا ساتھ نہ دیا۔ اس کے علاوہ عرب و عجم کو آپس میں لڑانے کے مذموم اسرائیلی ارادوں کو بدترین ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔ اگرچہ ایران کا کہنا یہ تھا کہ وہ عرب دنیا پر نہیں وہاں موجود امریکی اڈوں اور تعصبات کو نشانہ بنا رہا' مگر عرب بھائی ان حملوں کو اپنے خلاف جارحیت سمجھتے ہیں۔ اس جنگ کے دوران متحدہ عرب امارات اور ایک دو اور ریاستوں کو چھوڑ کر سعودی عرب اور قطر نے بالخصوص صبر و حکمت اور تدبر و دانش سے کام لیا اور ایرانی میزائلوں کا جوابی حملوں کی صورت میں جواب نہ دیا۔ اب اگر خدانخواستہ دوبارہ جنگ چھڑتی ہے تو خلیجی ممالک اور ایران کے درمیان اسرائیلی شرارت کی چنگاری شعلے بن کر پھیلتی ہے تو یہ خطے کا ہی نہیں سارے عالم اسلام کا ناقابلِ تلافی نقصان ہوگا۔ ایسی صورتحال میں اگر پاکستان بھی جنگ میں مجبوراً شامل ہو جاتا ہے تو پھر تباہی ہی تباہی ہوگی۔ اگر ڈونلڈ ٹرمپ خطے میں مستقل امن چاہتے ہیں تو انہیں نیتن یاہو کو لگام دینا ہوگی۔ امریکی صدر چونکہ مسلسل بولتے ہیں اس لیے بہت سی غیر ضروری باتیں بھی کر جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر چین ایران کو ہتھیار فراہم کرتا ہے تو اس کے سنگین نتائج ہوں گے۔ جو ملک بشمول چین ایسا کرے گا اس پر امریکہ 50 فیصد ٹیرف لگا دے گا۔ چین اس وقت دنیا کی دوسری بڑی قوت ہے۔ اس لیے اسے دھمکی دینے سے پہلے امریکی صدر کو دو بار نہیں' سو بار سوچنا چاہیے۔ ڈونلڈ ٹرمپ یقیناً یہ بات سمجھ چکے ہیں کہ ایران پر مسلط کردہ بے مقصد جنگ ختم ہونی چاہیے اور ایران کے ساتھ امریکہ کے دوطرفہ معمول کے تعلقات قائم ہو جانے چاہئیں۔ یہ تعلقات ایران کیلئے بھی بہت مفید ہوں گے۔ اسے اپنے منجمد اثاثے واپس ملیں گے۔ ایران پر عائد کردہ قدغنیں اٹھا لی جائیں گی۔ ایران کے اندر مہنگائی کے طوفان میں کمی آئے گی اور وہاں جنگ کی تباہ کاریوں کے بعد تعمیرِ نو کا آغاز ہو جائے گا۔

مذاکرات کے بعد فریقین کے ریمارکس کا جائزہ لیں تو یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ معاملہ نیوکلیئر پوائنٹ پر اٹکا ہوا ہے۔ اس کا حل یہ ہے کہ امریکہ ایران کے مؤقف کو سمجھے اور اس پر روٹین کی انسپکشن سے بڑھ کر ناروا پابندیاں عائد کرنے پر اصرار نہ کرے۔ دوسری طرف ایران بھی پہلے اپنے مؤقف کا واضح اعادہ کرے کہ وہ ایٹمی ہتھیار بنانے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ فریقین کے مابین یہی انڈرسٹینڈنگ خطے میں امن کی کلید ثابت ہوگی۔ مستقل پائیدار امن کا معاہدہ کرنے میں فریقین جس قدر تاخیر کریں گے اس سے عالمی امن اور معیشت' اسی قدر شدید خطرے سے دوچار ہو جائیں گے۔ اسلام آباد مذاکرات سے ملنے والے واضح اشارے یہی ہے کہ مزید جنگ نہیں ہوگی' اور مذاکرات کا اگلا دور عنقریب متوقع ہے۔

یقین کی طاقت

بزم درویش

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

وہ پچھلے کئی گھنٹے سے میرے صبر اور خوش اخلاقی کا امتحان لے رہا تھا۔ میں پوری کوشش کر رہا تھا کہ میرے لہجے میں تلخی یا ناراضگی کا عنصر شامل نہ ہو لیکن وہ تو شاید اپنا سارا ڈپریشن میرے پر ہی نکالنے کا ارادہ کر کے آیا تھا میں دبے لفظوں میں اسے سمجھانے کی کوشش کر رہا تھا کہ اسکی ناکامیوں میں مجھ غریب کا کوئی قصور نہیں ہے لیکن وہ مجھے قصوروار بنانے پر تلا ہوا تھا میں پوری کوشش کر رہا تھا کہ کسی طرح اس کو مطمئن کر سکوں لیکن اس کے لہجے کی تلخی اور زہر میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا اب اس کی گفتگو کا رخ میری طرف سے ہٹ کر خدا کی طرف ہو گیا تھا پہلے تو میں قصوروار تھا اب وہ خدا کے پیچھے پڑ گیا تھا کہ خدا ہے بھی یا نہیں میں تو خدا کو تب مانوں گا جب وہ میری دعائیں قبول کریگا جب میرے پاس دنیا کی ہر نعمت موجود ہوگی کیونکہ جن لوگوں کے پاس روپے پیسے کی ریل پیل ہے میں ان سے زیادہ عبادت گزار ہوں جب میں زیادہ عبادت کرتا ہوں تو اللہ تعالی میری کیوں نہیں سنتا میرا حق زیادہ ہے جب تک وہ میری ذات پر تنقید کرتا رہا میں صبر اور خاموشی بلکہ خوش مزاجی سے سنتا رہا اب جب وہ رب کعبہ کی ذات پر تنقید کرنے لگا تو میرے صبر کا پیمانہ چھلکنے لگا وہ پچھلے گھنٹے سے مجھے بتا رہا تھا کہ میں نے بہت سارے ذکر اذکار کئے ہیں نمازیں نوافل ادا کئے میرے اور پر وہ بار بار یہ تنقید کر رہا تھا کہ آپ لوگوں کو تسبیحات بتاتے ہیں اِن کا کوئی فائدہ نہیں میں نے بہت تسبیحات کیں ہیں مجھے کوئی فائدہ نہیں ہوا رب بھی امیروں کا ہے میں کتنے عرصے سے عبادات کر رہا ہوں میری دعائیں قبول کیوں نہیں ہوتیں جب وہ وہ بہت بول چکا تو میں نے اس کی آنکھوں میں جھانکا اور شفیق لہجے میں کہا تمہاری دعائیں پتہ قبول کیوں نہیں ہوتیں تمہیں خدا پر یقین ہی نہیں ہے اگر تمہیں خدا پر یقین ہوتا تو تم کبھی ایسی فضول باتیں نہ کرتے تم میں یقین کی کمی ہے تم نے خالق کائنات کو مانا ہی نہیں جس دن تم نے خدا پر یقین کرنا سیکھ لیا اسی دن سے تمہاری دعائیں قبول ہونا شروع ہو جائیں گی وہ چپ چاپ میری باتیں سنتا رہا اور پھر اٹھ کر چلا گیا میرے پاس ایسے کئی مایوس افراد آچکے ہیں جو آتے ہی کہتے ہیں کہ ہم نے آج کے بعد کوئی نماز نہیں پڑھنی کوئی تسبیح نہیں کرنی جب خدا نے ہماری کوئی دعا قبول ہی نہیں کرنی تو ہم کیوں دعائیں کریں ایسے عقل کے اندھوں کو کون سمجھائے دنیا کی ہر پیش رفت کے پیچھے جو قوت نظر آتی ہے وہ یقین ہی ہے بحر ظلمات میں کشتیاں جلانا اور گھوڑے دوڑانا یقین کا ہی کرشمہ تھا اِس یقین کے بل بوتے پر نئی دنیائیں دریافت ہوئیں انکشافات کے نئے چاند روشن ہوئے اربوں کہکشاں کا سراغ ملا مریخ اور چاند پر انسان کا قدم پڑا ایجادات کا سیلاب امڈ آیا جنگل منگل کا سماں بنا انفرادی یا اجتماعی طور پر یقین ہی وہ جذبہ ہے جس نے خوابوں میں حقیقت کا رنگ بھرا یہ یقین کی کمی تھی جو عرب سردار ابوالحکم تھا لیکن ابوجہل کہلا کر عبرت کا نشان بن گیا اور افریقہ کا حبشی غلام بلال شہرت کے آسمان پر اِس شان سے چمکا کہ فاروق اعظم ان کو ہمیشہ ہمارے سردار کہہ کر بلاتے تھے ابوالفضل اور فیضی جیسے دانش ور شاہی ایوانوں کی راہداریوں میں گم ہو گئے جب کہ شیخ سرہندی کی لحد روشنی کا مینار بن کر محشر تک اندھی روحوں کو منور کرنے کا باعث بن گئی یقین وایمان کا نور دیکھنا ہو تو حضرت سراقہ بن جعشم میں ملاحظہ ہو آخری وقت آن پہنچا مرض الموت کے آہنی پنجے نے گرفت میں لینا شروع کر دیا اطبا لاعلاج قرار دے چکے ورثا تدفین کی تیاریوں میں مصروف ہیں یقین کے نور سے مالا مال سراقہ کہتے ہیں واللہ ابھی موت مجھے چھو بھی نہیں سکتی کیونکہ میں نے ابھی کسری ایران کے کنگن نہیں پہنے جس کی بشارت سرتاج الانبیا محبوب خدا ﷺ نے خود مجھے دی تھی چشم فلک اور بوڑھے آسمان نے یہ منظر خود دیکھا تھا ہجرت مدینہ کے وقت کفار نے سراقہ کو کنگن پہنانے کا لالچ دے کر نبی کریم ﷺ کے پیچھے بھیجا تھا مگر شہنشاہ دو جہاں ﷺ نے سراقہ کو دیکھ کر فرمایا تھا کہ اگر تم اسلام قبول کر لو تو ایک وقت آئے گا جب ایران فتح ہو گا تو شاہِ فارس کے کنگن تمہیں پہنائے جائیں گے اور پھر سراقہ صحت یاب ہوئے اور پھر ایران فتح ہوا تو خلیفہ وقت جناب فاروق اعظم نے خود اپنے ہاتھوں سے سراقہ کو کنگن پہنائے سراقہ کے دل و دماغ میں بھی پیارے آقا ﷺ کے لب مبارک سے نکلے ہوئے الفاظ کا مکمل یقین تھا یقین کا ایک اور نمونہ ملاحظہ فرمائیں جنگ میں ثابت بن اصیرم مسلمانوں سے برسرپیکار رہے اچانک کسی خیال کے تحت سرور کونین ﷺ کے حضور پیش ہوتا ہے اور عرض کرتا ہے اگر میں اسلام قبول کر لوں تو مجھے کیا ملے گا تو آقا کریم ﷺ نے فرمایا جنت یہ سن کر یقین کی چنگاری بھانبڑ بن گئی کھجور کا دانہ جو اس وقت ہاتھ میں تھا اس کو زمین پر پھینک دیا اور سرور کائنات سے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ آخری سلام قبول ہو اب یہ کھجور جنت جا کر کھاں گا چیتے کی طرح پلٹا اور کفار پر حملہ کر دیا اور پھر جوانمردی سے لڑتا ہوا شہید ہو گیا جنگ کے بعد نبی کریم ﷺ نے لاشوں کا معائنہ کرتے ہوئے فرمایا آ دوستو میں تمہیں ایسا جنتی دکھاں جس نے نہ نماز پڑھی نہ روزہ رکھا نہ حج کیا مگر سیدھا جنت گیا بقول شاعر

پروانے کا حال اِس محفل میں ہے قابل رشک اے اہل نظر
شب بھر میں یہ پیدا بھی ہوا عاشق بھی ہوا اور مر بھی گیا

یہ ثابت بن اصیرم کا شاہ عربی ﷺ پر یقین ہی تھا جو شہادت کے مرتبے پر فائز ہو کر جنت الفردوس کا مکین بنا اور پھر کون بھول سکتا ہے تاریخ انسانی کے عظیم کردار دانش ور اہل علم سقراط کو دو ہزار سال قبل یونان کا شہر ایتھنز اِس شہر کے لوگ اپنا حاکم خود منتخب کرتے تھے علم فلسفہ آرٹ ان کی رگوں میں دوڑتا تھا اِس شہر کی اسمبلی تھی جہاں لوگوں کے مسائل زیر بحث کرتے 404 قبل مسیح سپارٹا کے جرنیل لینڈر نے چند شر پسند عناصر کے ساتھ مل کر عوامی جمہوریت کی جگہ آمریت کی بادشاہت قائم کر دی عدالت جرنیل کی زرخرید بن گئی امر کے اشارے پر فیصلے ہونے لگے مخالفوں کو پھانسی کی سزائیں دی جانے لگیں اِسی عدالت میں تاریخ کا بہت بڑا کردار لایا گیا سقراط جس پر علم و آگہی اور نوجوانوں کو گمراہ کرنے کا الزام تھا مقدمہ قائم ہوا اور سقراط کو بھی پھانسی کی سزا سنائی گئی سقراط نے اپنے سچ کے یقین پر زہر کے پیالے کو اپنے ہونٹوں سے لگا لیا اور کہا میں موت سے مغلوب ہو رہا ہوں اور تم بدی سے اور پھر اِسی یقین کی دولت کی وجہ سے سقراط قیامت تک کے لیے تاریخ کے اوراق میں امر ہو گیا یقین کا ایک اور جلوہ آپ کی نذر یہ کہ حضرت فاروق اعظم کے دور میں مصر فتح ہو چکا تھا مصریوں کا یہ عقیدہ تھا کہ ہر سال جب دریائے نیل خشک ہو جاتا تو وہ نوجوان لڑکی کو دلہن بنا کر اس کی گردن پر چھری پھیر کر خشک دریا کو انسانی خون کی بھینٹ دیتے جس سے دریائے نیل رواں ہو جاتا اور پھر تاریخ انسانی کے سب سے عظیم حکمران حضرت عمر فاروق کے دور میں بھی نیل خشک ہو گیا اہل مصر نے انسانی خون کی بھینٹ چڑھانے کی درخواست دربار خلافت میں دی تو فاروق اعظم یقین سے بھرپور لہجے میں بولے یہ عقیدہ توحید اور ایمان کے منافی ہے انسانی جان نہیں دی جائے اور دریائے نیل کو میرا یہ پیغام دو دریائے نیل بہنا شروع ہو جائے گا یقین کی عبارت ملاحظہ فرمائیں اے نیل اگر تو بھینٹ لے کر بہتا ہے تو قیامت تک خشک رہ اگر تو خدا کے حکم سے چلتا ہے تو خدا کا یہ بندہ عمر تجھے حکم دیتا ہے کہ تو بہنا شروع کر دے کیونکہ مخلوق خدا قحط میں مبتلا ہے اور پھر فاروق اعظم کا رقعہ نیل کی پاتال تک جیسے ہی پہنچا نیل کے کناروں سے پانی اچھلنے لگا۔

شوبز SHOWBIZ

کرینہ کپور کے ایئرپورٹ تنازع نے سوشل میڈیا پر ہلچل مچا دی

ممبئی ایئرپورٹ پر وائرل ہونے والی یہ ویڈیو تنازع کا باعث بن گئی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ بیبو کرینہ کپور خان کے ایئرپورٹ تنازع نے سوشل میڈیا پر ہلچل مچا دی تاہم اس پر صارفین منقسم دکھائی دیے۔ سوشل میڈیا پر کرینہ کپور خان کی ایک ویڈیو وائرل ہو رہی ہے، تاہم ممبئی ایئرپورٹ پر وائرل ہونے والی یہ ویڈیو تنازع کا باعث بن گئی۔ وائرل ویڈیو میں صارفین کی جانب سے اداکارہ کے رویے پر سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ وہ سیکیورٹی چیک پر لمبی قطار کو بائی پاس کرتے ہوئے دیگر مسافروں سے آگے بڑھ جاتی ہیں۔ ہلکے پیچ رنگ کے روایتی لباس میں ملبوس اداکارہ سیدھا چیک پوائنٹ کی طرف جاتی نظر آئیں، جس کے بعد یہ سوال اٹھا کہ کیا انہیں خصوصی رعایت دی گئی؟

فضا علی کی شوہر کیساتھ وائرل ویڈیو پر حنا پرویز بٹ کی شدید تنقید

غیر اخلاقی، بچگانہ اور چھچھوری حرکتوں سے نوجوانوں کے ذہنوں پر برا اثر پڑتا ہے

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ نے حال ہی میں فضا علی کی شوہر کے ساتھ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو پر سخت ردِعمل کا اظہار کیا ہے۔ فضا علی کی شوہر کے ساتھ حال ہی میں سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو ان کے مارننگ شو کی ہے۔ حنا پرویز بٹ نے سوشل میڈیا ویب سائٹ ایکس پر اپنی پوسٹ میں فضا علی پر شدید تنقید کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ہمارے ٹی وی چینلز کو کیا ہو گیا ہے؟ خاتون اینکر کو معلوم ہونا چاہیے کہ یہ ان کا گھر نہیں ہے جہاں وہ جو چاہے کر سکتی ہیں، بہتر ہے کہ وہ ایسی چھچھوری حرکتوں سے باز رہیں۔

فضا علی کے شوہر اعجاز خان نے لائیو شو میں اداکارہ کو کندھے پر اٹھا لیا

پاکستانی معاشرے میں ایسی حرکتیں سوائے بے غیرتی کے اور کچھ نہیں



لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ، میزبان اور گلوکارہ فضا علی کے شوہر اعجاز خان نے لائیو شو میں ان کو کندھے پر اٹھا لیا، جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ صارفین نے اس حرکت کو انتہائی بے غیرتی سے تعبیر کیا ہے، پاکستانی معاشرے میں ایسی حرکتیں سوائے بے غیرتی کے اور کچھ نہیں۔ فضا علی ایک بار پھر خبروں میں آ گئیں جب ان کے شو میں ایک غیر متوقع لمحہ دیکھنے میں آیا، اداکارہ نے حال ہی میں 41 سال کی عمر میں دوسری شادی کی ہے اور وہ ان دنوں اپنے شوہر اعجاز خان کے ساتھ اپنی خوش گوار ازدواجی زندگی کی جھلکیاں مداحوں کے ساتھ شیئر کر رہی ہیں۔ حال ہی میں فضا علی نے اپنے مارننگ شو میں اپنے شوہر کو مدعو کیا جہاں انہوں نے اپنی ملاقات اور محبت کی کہانی سنائی۔ فضا کے مطابق ان کی ملاقات برطانیہ میں ہوئی جہاں اعجاز خان مقیم ہیں۔

برٹنی اسپیئرز کا بڑا فیصلہ، گرفتاری کے بعد بحالی مرکز میں داخل

ڈی یو آئی کیس کے سلسلے میں ان کی عدالت میں پیشی 4 مئی کو متوقع ہے

کیلیفورنیا (این این آئی) امریکی پاپ آئیکون برٹنی اسپیئرز نے مبینہ طور پر نشے کی حالت میں ڈرائیونگ کے الزام میں گرفتاری کے بعد خود کو رضاکارانہ طور پر ایک بحالی مرکز میں داخل کرا دیا ہے، ذرائع کے مطابق یہ اقدام ان کی زندگی میں بہتری لانے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ 44 سالہ گلوکارہ کو 4 مارچ کو امریکی ریاست کیلیفورنیا کے شہر وینچورا میں منشیات اور الکحل کے زیر اثر گاڑی چلانے کے شبے میں حراست میں لیا گیا تھا، تاہم انہیں اگلے ہی روز رہا کر دیا گیا۔ ان کے نمائندے نے اس پیش رفت کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ یہ واقعہ ناقابلِ قبول تھا اور اب وہ اپنی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے اپنی شخصیت میں ضروری تبدیلیوں پر توجہ دے رہی ہیں۔ قریبی ذرائع کے مطابق گلوکارہ کے لیے بحالی مرکز میں داخل ہونا ان کی فلاح و بہبود کے لیے بہترین قدم سمجھا جا رہا ہے۔

فرانس میں 78واں کانز فلم فیسٹیول 12 مئی سے 23 مئی تک جاری رہے گا

لاہور (این این آئی) سال 2025 میں مس یونیورس پاکستان کا تاج پہننے والی روما ریاض اس سال کانز انٹرنیشنل فلم فیسٹیول میں شرکت کریں گی۔ روما ریاض کا تعلق پاکستان کی مسیحی برادری سے ہے اور وہ ایک پنجابی پاکستانی خاندان سے تعلق رکھتی ہیں۔ جیو ڈیجیٹل سے گفتگو کرتے ہوئے روما ریاض نے تصدیق کی کہ وہ کانز فلم فیسٹیول میں ریڈ کارپٹ پر جلوہ گر ہوں گی اور ساتھ ہی ایکسپیڈیشن گالا کی میزبانی بھی کریں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ اس عالمی فلمی میلے میں پاکستان کی نمائندگی پر فخر محسوس کر رہی ہیں۔ اس سے قبل پاکستان کی پہلی مس یونیورس ایریکا رابن نے 2024 میں کانز فلم فیسٹیول میں ڈیبیو کیا تھا۔ جہاں انہوں نے ریڈ کارپٹ کے ساتھ Coralie Fargeat کی فلم دا سبسٹینس کے پریمیئر پر شرکت کی تھی۔ سال 2025 مس یونیورس پاکستان روما ریاض رواں سال کانز میں شرکت کیلئے جا رہی ہیں جہاں وہ مختلف فیشن ڈیزائنرز کے ملبوسات میں نظر آئیں گی۔

فلم ''میرا لیاری'' 8 مئی کو پاکستان بھر میں ریلیز کی جائے گی

کراچی (این این آئی) اداکارہ عائشہ عمر کی پیشکش فلم میرا لیاری کو یو کے ایشین فلم فیسٹیول کے 28ویں ایڈیشن میں شامل کر لیا گیا ہے جہاں اس کی نمائش 2 مئی کو ہوگی۔ فلم کی کہانی لیاری کے اسپورٹس کلچر، مقامی تہذیب اور خواتین کی خودمختاری کے گرد گھومتی ہے جو اس علاقے کی ایک مختلف اور مثبت تصویر پیش کرتی ہے۔ یہ فلم ابتدا میں بہناز کے نام سے پیش کی جانی تھی تاہم بھارتی پروپیگنڈا فلم دھریندر کی ریلیز کے بعد اس کا نام تبدیل کر کے میرا لیاری رکھ دیا گیا جس کے بعد یہ خاصی خبروں میں رہی۔

عاصم اظہر کے شادی کے اعلان نے سوشل میڈیا پر دھوم مچا دی

کنسرٹ کے دوران عاصم اظہر نے اسٹیج پر شادی سے متعلق بات چھیڑ دی

ہیوسٹن (این این آئی) گلوکار عاصم اظہر اور اداکارہ ہانیہ عامر کے درمیان تعلقات کی افواہیں تو کافی عرصے سے گردش میں ہیں، مگر اب ایک نیا لمحہ سوشل میڈیا پر دھوم مچا رہا ہے جس نے مداحوں کی دلچسپی مزید بڑھا دی ہے۔ امریکا کے شہر ہیوسٹن میں اپنے کنسرٹ کے دوران عاصم اظہر نے اسٹیج پر شادی سے متعلق بات چھیڑ دی، جس پر ہال میں موجود شائقین نے فوراً ہانیہ عامر کا نام لینا شروع کر دیا۔ یہ منظر دیکھتے ہی دیکھتے سوشل میڈیا پر وائرل ہو گیا اور ہر طرف اسی پر بحث چھڑ گئی۔ عاصم اظہر نے مسکراتے ہوئے کہا، دعا کرو، جب بھی شادی ہو آپ کو خیر خیریت سے بتا دوں۔

سپورٹس SPORTS

آسٹریلوی بلے باز ٹم ڈیوڈ آئی پی ایل میں مشکل میں پھنس گئے

واقعہ رائل چیلنجرز بنگلور اور ممبئی انڈینز کے درمیان میچ کے دوران پیش آیا

ممبئی (این این آئی) آسٹریلیا کے جارح مزاج بلے باز ٹم ڈیوڈ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر مشکل میں پھنس گئے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹم ڈیوڈ کو انڈین پریمیئر لیگ کے ضابطہ اخلاق کے لیول 1 کی خلاف ورزی پر 25 فیصد میچ فیس جرمانہ اور ایک ڈی میرٹ پوائنٹ دیا گیا ہے۔ یہ واقعہ 12 اپریل کو وانکھیڑے اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرز بنگلور اور ممبئی انڈینز کے درمیان میچ کے دوران پیش آیا۔ٹم ڈیوڈ پر آرٹیکل 2.4 کی خلاف ورزی کا الزام تھا، جو امپائر کے حکم کو نظرانداز کرنے سے متعلق ہے۔ پہلی خلاف ورزی 18ویں اوور کے دوران ہوئی جب ٹم نے گیند بدلنے کے بعد فوری طور پر گیند امپائر کو نہ دی بلکہ گیند کو چیک کیا۔دوسری خلاف ورزی آخری اوور میں ہوئی جب وہ دوبارہ امپائر کے حکم کی پیروی نہیں کر سکے، جس کے نتیجے میں غیر تعمیل کے دو واقعات بن گئے۔ٹم ڈیوڈ نے جرم کا اعتراف کیا اور میچ ریفری کی جانب سے عائد کی جانے والی سزا قبول کر لی۔ دوسری جانب ممبئی انڈینز کے کپتان ہاردک پانڈیا کو سلو اوور ریٹ کے باعث جرمانے کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

ایران نے فٹبال ٹیم کی کپتان کے منجمد اثاثے بحال کر دیئے

فیصلہ زہرا غنبری کے رویے میں تبدیلی اور بے گناہی کے اعلان کے بعد کیا ہے

تہران (این این آئی) ایران کی عدلیہ نے ویمن فٹبال ٹیم کی کپتان زہرا غنبری کے ضبط شدہ اثاثے بحال کرنے کا اعلان کر دیا۔ عرب میڈیا کے مطابق ایرانی عدالت نے یہ فیصلہ زہرا غنبری کے رویے میں تبدیلی اور بے گناہی کے اعلان کے بعد کیا ہے۔ زہرا غنبری ان 6 کھلاڑیوں میں شامل تھیں جنہوں نے رواں سال مارچ میں آسٹریلیا میں ایشین کپ کے دوران پناہ لینے کی درخواست دی تھی تاہم بعد میں انہوں نے اپنا فیصلہ واپس لیتے ہوئے دیگر کھلاڑیوں کے ساتھ ایران واپسی کا اعلان کیا تھا۔ آسٹریلیا کے وزیرِ داخلہ ٹونی برک نے اس سے قبل کہا تھا کہ کھلاڑیوں کو ایران واپسی پر ممکنہ سزا کے خدشے کے پیشِ نظر پناہ کی پیشکش کی گئی تھی، خاص طور پر اس واقعے کے بعد جب ٹیم نے ایک میچ میں قومی ترانہ پڑھنے سے انکار کیا تھا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق جنگ کے آغاز کے بعد کچھ کھلاڑیوں کو غدار قرار دے کر اِن کے اثاثے منجمد کیے گئے تھے جن میں زہرا غنبری کا نام بھی شامل تھا۔ دوسری جانب وطن واپس آنے والی کھلاڑیوں نے شدید دباؤ کا انکشاف کیا تھا، ایک کھلاڑی مونا حمودی کے مطابق ہر فیصلہ خوف اور نتائج کے خدشات سے جڑا ہوا تھا جس نے ذہنی دباؤ میں اضافہ کیا۔

لاہور قلندرز کی ٹیم ایک بار پھر گیانا میں گلوبل سپر لیگ میں ایکشن میں ہوگی

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کی دفاعی چیمپئن لاہور قلندرز کی ٹیم ایک بار پھر گیانا میں کھیلی جانے والی گلوبل سپر لیگ میں ایکشن میں ہو گی۔ لاہور قلندرز کے ترجمان کے مطابق پاکستان سپر لیگ کی دفاعی چیمپئن ایک بار پھر گلوبل سپر لیگ کا حصہ بن گئی ہے اور لاہور قلندرز کی ٹیم رواں برس 23 جولائی سے یکم اگست 2026 تک گیانا نیشنل اسٹیڈیم میں منعقد ہونے والی لیگ میں حصہ لے گی۔ لاہور قلندرز کی ٹیم اس سے قبل ٹورنامنٹ کے افتتاحی ایڈیشن کا بھی حصہ رہ چکی ہے۔ لاہور قلندرز کے مالک ثمین رانا کے مطابق گلوبل سپر لیگ میں واپسی پر بے حد خوش ہیں، پاکستان کی نمائندگی پر فخر ہے، ہمارے لیے یہ ایک شاندار پلیٹ فارم رہا ہے، یہ ٹورنامنٹ ہمیں صلاحیت، ثقافت اور مقصد کو دنیا کے سامنے لانے کا موقع دیتا ہے۔ گلوبل سپر لیگ کے چیئرمین کلائیو لائیڈ کے مطابق گلوبل سپر لیگ میں لاہور قلندرز کو دوبارہ خوش آمدید کہتے ہیں، لاہور قلندرز انٹرنیشنل ٹی ٹوئنٹی کرکٹ کی سب سے کامیاب فرنچائزز میں سے ایک ہے، ٹیم کی شمولیت ٹورنامنٹ کے معیار اور وقار میں نمایاں اضافہ کرے گی۔

مختلف پوزیشن پر مختلف انداز میں کھیلنا ہوتا ہے، بابر اعظم

کراچی (این این آئی) پشاور زلمی کے کپتان بابر اعظم نے کہا ہے کہ جب آپ کی ٹیم اچھا پرفارم کرتی ہے تو مزہ آتا ہے، مختلف پوزیشن پر مختلف انداز میں کھیلنا ہوتا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پشاور زلمی کے کپتان بابر اعظم نے کہا کہ کرکٹ تیز ہو گئی ہے، ریڈ بال میں بھی تیز کھیلا جاتا ہے۔ بابر اعظم نے کہا کہ کوشش کریں گے کہ زلمی کا جو مومینٹم بن گیا ہے اس کو جاری رکھیں، آپ کو کنڈیشنز کے مطابق کھیلنا ہوتا ہے، انہوں نے کہا کہ سفیان مقیم جس طرح بولنگ کر رہے ہیں ان کا مستقبل اچھا ہے، اگر میرے نصیب میں بطور کپتان ٹرافی ہوئی تو ضرور ملے گی۔ بابر اعظم نے کہا کہ خواہشیں تو بڑی بڑی ہیں لیکن جب اور جیسے نصیب میں ہوگا ویسے ملے گا۔

TENDER NOTICE

PROVISION OF DEWATERING SETS FOR URBAN FLOOD MANAGEMENT IN JHELUM CITY-ACKAGE-2

E-Bids are invited from Contractors / Firms / Manufacturer / Authorized dealers who are registered with FBR, PRA (NTN and PNTN) & PPRA for E-Procurement on "e-Pak Acquisition and Disposal system (e-PADS)".
All e-bids must be submitted through e-PADS concerning following works:

SR.	DESCRIPTION	REGISTERED WITH	TS No. & Date	ESTIMATED COST	BID SECURITY
1	PROVISION OF DEWATERING SETS FOR URBAN FLOOD MANAGEMENT IN JHELUM CITY PACKAGE-2 "PROVISION OF SELF-PRIME STANDBY DEWATERING SETS (3.0 CUSECS)	FBR & PRA (NTN & PNTN)	CE(North) PLGB-TS (MC-Jhelum) 2026 Dated: 30-03-2026	RS. 47,000,000/-	RS. 940,000/-

2. All E-bids must be accompanied by a Bid-Security of the estimated price as mentioned in the table above, in the name of "Municipal Committee, Jhelum", and in the form of CDR/Bank Guarantee/ Demand Draft / Pay Order. Late E-bids shall be rejected.
3. The complete E-bids must be submitted online on e-Procurement Systems (EPADS) website i.e. https://punjab.eprocure.gov.pk as per the following schedule:

E-Bids submission Date & Time	05th May, 2026 at 11:30 AM
E-Bids opening Date & Time	05th May, 2026 at 02:00 PM

4. Single stage one envelope bidding procedure will be adopted by using uploading files on EPADS.
5. Original Bid Security instrument (2% of the estimated cost) must be submitted in an envelope clearly marked with the Bidding Document Number and Title, before the E-bid Submission deadline at: Municipal Committee Office Jhelum, Civil Line Rd, Jhelum.
6. The procuring Authority may reject all bids or proposals at any time prior to the acceptance of a bid or proposal under Punjab Procurement Rules 2014 (Rule-35).
Bidders are advised to ensure uploading the Bid on E-PADS Portal, well before the submission deadline, and not wait for the last date and time to upload the bid. Bid submission on E-PADS Portal shall entirely be the responsibility of the bidder. MC Jhelum shall not be held responsible for any issue thereof. For any assistance regarding E-PADS Portal, system support email and phone numbers are provided hereunder:
7. The URL of the website of the PPRA is (http://eproc.punjab.gov.pk/View Tender. aspx) and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the PPRA.

Chief Officer Municipal Committee Jhelum
Administrator Municipal Committee Jhelum

IPL-3641

ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا کینٹ
ٹینڈر نوٹس

ا۔ اچھی شہرت اور NTN کی حامل فرم سے درج ذیل اشیاء کے لئے لفافہ بند ٹینڈر مطلوب ہیں۔

Tender No	RT-5501 (FOB)
Description	Procurement of 12.7 x 108 MM Test Barrel along with Reloading Tools.
Submission Date	11 May 2026, 10:30 AM
Opening Date	11 May 2026, 11:00 AM

2۔ ٹینڈر کی ڈیٹیل ویب سائٹ www.hit.gov.pk اور www.ppra.org.pk دیکھی جاسکتی ہیں۔ مزید معلومات کے لئے فون نمبر 63215/ 9315333(051) پر بھی رابطہ کرسکتے ہیں

اسسٹنٹ ڈائریکٹر پرکیورمنٹ ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا کینٹ

PID (I) 8239/25

بقیہ 1

عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ صرف دو سال کے مختصر عرصے میں مریم نواز نے اپنی انتھک محنت اور عوامی خدمت کے جذبے سے پنجاب کے عوام کو اپنا گرویدہ بنالیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں عوام حکومت کو ڈھونڈتے پھرتے تھے، لیکن آج مریم نواز کی قیادت میں حکومت خود عوام کی دہلیز پر پہنچ رہی ہے۔ عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ مریم نواز نے ترقی کا سفر صرف لاہور تک محدود نہیں رکھا بلکہ اسے پورے پنجاب میں منتقل کردیا ہے۔آج پنجاب میں میرٹ، گڈ گورننس اور شفافیت کا ایک ایسا معیار قائم ہو چکا ہے جس کی ماضی میں مثال نہیں ملتی۔سفارشی کلچر کو جڑ سے اکھاڑ پھینک دیا گیا ہے اور ہر شعبے میں صرف اور صرف میرٹ کو بنیاد بنایا گیا ہے۔صوبائی وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ پنجاب میں اب کوئی ایسا طبقہ نہیں رہا جسے حکومت نے ریلیف فراہم نہ کیا ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت سے پہلے مکمل ہو رہے ہیں، جس کی بدولت قومی خزانے کے اربوں روپے کی بچت ہو رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر سروے میں مریم نواز کی مقبولیت کا گراف مسلسل بڑھ رہا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے عزم کا اظہار کیا کہ ترقی اور خوشحالی کا یہ سفر رکنے والا نہیں ہے۔ اگلے تین سالوں میں پنجاب میں ترقی کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے گا تاکہ صوبے کا ہر شہری خوشحال ہو اور پنجاب صحیح معنوں میں ایک ماڈل صوبہ بن کر ابھرے۔

بقیہ 2

سیکرٹری سدرہ سلیم اور ڈائریکٹر بجٹ اینڈ اکاونٹس حماد الرب نے شرکت کی۔ اجلاس میں رکن پنجاب اسمبلی الیاس چنیوٹی، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر فہیم اشرف و مخیّر حضرات نے بھی شرکت کی۔ وائس چانسلر نے ادارہ جاتی امور پر بریفنگ دی۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر فہیم اشرف نے ہسپتال امور سے آگاہ کیا۔ وڈیو لنک کانفرنس کے ذریعے ہائر ایجوکیشن کمیشن سے پروفیسر محمد اشرف و دیگر محکمہ جات کے افسران و سینڈیکیٹ ممبران نے شرکت کی۔ سینڈیکیٹ اجلاس کے دوران مختلف ایجنڈاز کے مندرجات پیش کیے۔ سینڈیکیٹ اجلاس کے دوران فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی کے 15 ویں سینڈیکیٹ اجلاس کے منٹس کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں الائیڈ ون ہسپتال اور الائیڈ ہسپتال ٹو فیصل آباد کیلئے سکیورٹی و جینیٹوریل سروسز کے کنٹریکٹ کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں فیصل آباد ٹیچنگ ہسپتال فیصل آباد کیلئے جینیٹوریل سروسز کے کنٹریکٹ کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی کیلئے لیب کٹس اور لیکوئیڈ آکسیجن کی خریداری کی بھی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں مختلف پوسٹوں پر یونیورسٹی ملازمین کے کنٹریکٹ میں توسیع کی منظوری دی گئی اور شعبہ ڈرماٹولوجی اور میڈیکل ریڈیوٹیکنیکل ڈائیگنازز میں پوسٹ گریجویٹ کی سیٹوں میں اضافے کی بھی منظوری دی گئی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب کی تمام طبی درسگاہوں کے معاملات کے حل کیلئے یکساں پالیسی لانا چاہتے ہیں، پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا رہا، سرکاری ہسپتالوں کے معاملات کے حل کیلئے طبی درسگاہوں کے سینڈیکیٹ اجلاس متواتر کروانے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ پنجاب کی تمام طبی درسگاہوں کو معیاری ریسرچ پروان چڑھانے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے طبی تعلیم اور صحت سہولیات کے معیار کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ عوام کے ٹیکسوں سے بنائے گئے سرکاری ہسپتالوں کو صحت کی بہترین علاج گاہیں بنانا ہمارا عزم ہے۔

بقیہ 3

تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ وہ مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ اور وفاقی وزیر برائے امور کشمیر وگلگت بلتستان و صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام سے گفتگو کر رہے تھے جنہوں نے منگل کو یہاں وزیراعظم آفس میں ان سے ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، حکومتی امور اور سیاسی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت عوام کی فلاح و بہبود اور ملک کی معاشی ترقی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ عوامی خدمت کے ایجنڈے کو مزید تیزی سے آگے بڑھایا جائے اور عوامی مسائل کے حل کو اولین ترجیح دی جائے۔ دونوں رہنماؤں نے خلیج کے بحران کے حل کے لئے وزیراعظم کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 4

مطابق عالمی ریٹنگ ایجنسی فچ نے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ برقرار رکھتے ہوئے آؤٹ لک کو مستحکم قرار دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ فچ کی جانب سے پاکستان کی ریٹنگ بی نیگیٹو برقرار رکھنا معیشت میں بہتری اور پالیسیوں کے تسلسل کی علامت ہے، آئی ایم ایف پروگرام کے تحت جاری اصلاحات اور پائیدار ترقی بھی پاکستانی معیشت کی بہتری کو سہارا دے رہی ہیں۔ خرم شہزاد کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف کی منظوری کے بعد پاکستان کو 1.2 ارب ڈالر کی قسط ملنے کی توقع ہے، شرح سود کم کر کے 10.5 فیصد رکھنا پاکستانی معیشت میں بہتری اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کے لیے مثبت قدم ہے۔ مشیر وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کی جی ڈی پی گروتھ 3.1 فیصد رہنے کی توقع ہے، مہنگائی تقریباً 7.9 فیصد تک محدود رہ سکتی ہے۔ پاکستان تمام تر بیرونی چیلنجز کے باوجود استحکام، اصلاحات اور پائیدار ترقی سے درست سمت میں آگے بڑھ رہا ہے۔

بقیہ 5

کے موقع پر انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ بیساکھی موسم بہار کی آمد کی علامت ہے اور صدیوں پرانا خوشی اور محبت بانٹنے کا تہوار ہے، پاکستان میں بسنے والے عوام مختلف عقائد اور ثقافتوں پر مشتمل ایک خوبصورت گلدستہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اقلیتی برادری کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے، آئین پاکستان ملک میں بسنے والے تمام مذاہب کے ماننے والوں کو اپنی مذہبی رسومات آزادی کے ساتھ منانے کا حق دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ یہ تہوار تمام مذاہب کے ماننے والوں کے لیے خوشیوں، امن اور خوشحالی کا باعث بنے۔

بقیہ 6

ہدف ہے۔ وزارت غذائی تحفظ کے مطابق گنے کی پیداوار کا ہدف 8 کروڑ 3 لاکھ 20 ہزار ٹن، چاول کی مجموعی پیداوار کا ہدف 91 لاکھ 70 ہزار ٹن مقرر ہے۔ مکئی کی پیداوار 97 لاکھ 74 ہزار ٹن تک لے جانے کا منصوبہ ہے۔ مونگ کی پیداوار کا ہدف 1 لاکھ 48 ہزار ٹن، ماش کی پیداوار کا ہدف 8 ہزار 460 ٹن، مرچوں کی پیداوار کا ہدف 1 لاکھ 6 4 ہزار ٹن مقرر کیا گیا ہے۔ مالی سال 2024-25 اور 2025-26 کی ربیع کی فصلوں کا جائزہ بھی جاری کر دیا گیا، گندم کی پیداوار میں معمولی اضافہ ہوا، 2 کروڑ 93 لاکھ ٹن سے تجاوز کر گئی، چنے کی پیداوار میں نمایاں 52 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، دال مسور کی پیداوار میں 10 فیصد کمی، آلو کی پیداوار میں 3 2 فیصد اضافہ ہو گیا۔ دستاویز کے مطابق پیاز کی پیداوار میں معمولی کمی، ٹماٹر کی پیداوار میں 12 فیصد کمی رہی، صوبہ پنجاب میں گندم کی پیداوار تقریباً مستحکم رہی، سندھ میں گندم اور چاول کی پیداوار میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ وزارت غذائی تحفظ کے مطابق خیبر پختونخواہ میں بعض فصلوں کی پیداوار میں معمولی کمی ہوئی، بلوچستان میں آلو اور پیاز کی پیداوار میں اضافہ

ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 7

پرائیویٹ ایجوکیشن انسٹیٹیوشن ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا) کی جانب سے جمع کروائی گئی۔ پیرا رپورٹ کے مطابق اسلام آباد کے 5 زونز میں 1571 نجی تعلیمی ادارے کام کر رہے ہیں، وفاقی دارالحکومت کے پرائیویٹ اسکولوں میں 3 لاکھ 89 ہزار طلبا زیر تعلیم ہیں، اب تک 500 نجی تعلیمی اداروں نے اپنے انفرااسٹرکچر اور طلبا کی تعداد کا ڈیٹا جمع کروا دیا۔ رپورٹ کے مطابق نو چائلڈ لیفٹ بی ہائنڈ مہم کے تحت 25 ہزار بچوں کو اسکولوں میں داخل کرنے کا ہدف مقرر ہے، رولز کے تحت یتیم اور شہدا کے بچوں کو 10 فیصد اسکالرشپ اسکیم میں ترجیح دی جائے گی۔ نجی اسکولوں میں رائٹ ٹو فری اینڈ کمپلسری ایجوکیشن ایکٹ 2012 پر عمل درآمد شروع ہو چکا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ پیرا نے نجی اسکولوں میں مفت تعلیم کے کوٹے کی تصدیق کے لیے مانیٹرنگ کمیٹی بنادی، متعدد نجی اسکولوں نے 10 فیصد کوٹے کے تحت مفت تعلیم حاصل کرنے والے طلبا کی فہرستیں جمع کروادیں۔ اسکولوں سے حاصل ہونے والے ڈیٹا کی جانچ پڑتال کا عمل جاری ہے۔ پیرا رپورٹ کے مطابق پی ای آئی آر اے (پیرا) کا تمام رجسٹرڈ نجی تعلیمی اداروں کو 10 فیصد مفت تعلیم کے کوٹے پر عملدرآمد کا حکم ہے۔ تعلیمی سیشن 2025-26 کے لئے اسکالرشپ پر زیر تعلیم طلبا کا ڈیٹا فوری طلب کیا گیا ہے، ڈیٹا جمع نہ کرانے والے اسکولوں کے خلاف پی ای آئی آر اے ایکٹ کے تحت کارروائی کی جائے گی۔ نجی اسکولوں کو مینوئل کے ساتھ ساتھ آن لائن پورٹل پر بھی تفصیلات فراہم کرنے کی ہدایت ہے، رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی تجدید کو 10 فیصد نیڈ بیسڈ اسکالرشپ پالیسی سے مشروط کر دیا گیا۔

بقیہ 8

میں منعقد کرنے کی تجویز پیش کی ہے، فریق معاہدے کیلئے نئے بالمشافہ مذاکرات پر غور کر رہے ہیں۔ ایک اور نیوز ایجنسی نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ اسلام آباد مذاکرات کے بعد بھی پاکستان تہران اور واشنگٹن کے درمیان پیغامات کا تبادلہ کر رہا ہے۔ امریکی خبر ایجنسی نے دعویٰ کیا کہ امریکی عہدے دار نے توقع ظاہر کی ہے کہ مذاکرات جمعرات کو ہو سکتے ہیں۔ دوسری جانب امریکی ٹی وی سی این این کے مطابق امریکا اور ایران کے مذاکرات اب بھی جاری ہیں۔ ایک امریکی عہدیدار کے حوالے سے امریکی نشریاتی ادارے نے بتایا کہ معاہدے تک پہنچنے کے لیے پیش رفت ہو رہی ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان مذاکرات کا پہلا مرحلہ 11 اپریل کو اسلام آباد میں ہوا تھا، دونوں ممالک کے وفود کے درمیان تقریباً 21 گھنٹے تک مذاکرات چلتے رہے تاہم مذاکرات کسی ڈیل پر پہنچے بغیر ہی ختم ہو گئے۔ اس حوالے سے امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے ایک انٹرویو میں بتایا کہ ایران کے ساتھ مذاکرات میں مثبت پیش رفت ہوئی، ہم نے اپنی تجاویز ایران کے سامنے رکھ دی ہیں اور اب گیند ایران کے کورٹ میں ہے۔ علاوہ ازیں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے بیان میں کہا تھا کہ گزشتہ روز ہمیں صحیح لوگوں کی کال آئی تھی کہ وہ معاہدہ کرنا چاہتے ہیں، ایرانی بقیہ نکات پر بھی اتفاق کرلیں گے، مذاکرات کے دوران ایران کے ساتھ متعدد نکات پر اتفاق ہوا۔ ادھر امریکی اخبار نیو یارک ٹائمز کے مطابق امریکا اور ایران کے درمیان جاری کشیدگی کے تناظر میں دونوں ممالک کے درمیان مذاکرات کے دوسرے دور کا امکان پیدا ہو گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ثالثوں نے مذاکرات کے دوسرے راؤنڈ کیلئے کوششیں تیز کرتے ہوئے رابطے شروع کر دیئے ہیں، ایران امریکا مذاکرات کا اگلا دور چند روز میں پاکستان میں ہو سکتا ہے۔ امریکی اخبار نیو یارک ٹائمز کے مطابق بات چیت سے عندیہ ملتا ہے کہ امن معاہدے کی جانب اب بھی کوئی پیشرفت متوقع ہے، ایران اور امریکا کے اعلیٰ حکام کے درمیان بالمشافہ مذاکرات کے دوسرے مرحلے کا بھی امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق ایک ثالث ملک کے سفارتکار نے دعویٰ کیا کہ تہران اور واشنگٹن اصولی طور پر اس پر آمادہ ہو چکے ہیں تاہم ابھی یہ واضح نہیں کہ مذاکرات میں اسی سطح کے وفود شریک ہوں گے یا نہیں، تاہم مقام اور وقت کے تعین پر غور جاری ہے۔ رپورٹ کے مطابق اسلام آباد مذاکرات میں ایران نے یورینیم افزودگی کو 5 سال تک معطل کرنے کی پیشکش کی، امریکا نے تجویز مسترد کرتے ہوئے بیس سال کی معطلی پر اصرار کیا ہے۔ خیال رہے کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان مذاکرات کا پہلا مرحلہ 11 اپریل کو اسلام آباد میں ہوا تھا، دونوں ممالک کے وفود کے درمیان تقریباً 21 گھنٹے تک مذاکرات چلتے رہے تاہم مذاکرات کسی ڈیل پر پہنچے بغیر ہی ختم ہو گئے۔

بقیہ 9

چکا ہے اور متعدد مقامات پر روزانہ 2 سے 3 گھنٹے تک بجلی غائب رہنے لگی ہے۔ ذرائع کے مطابق شہر میں خصوصاً شام اور رات کے اوقات میں لوڈشیڈنگ میں اضافہ دیکھا جا رہا ہے جبکہ دن کے وقت سولر سسٹمز کے باعث کسی حد تک بجلی کی طلب پوری ہو رہی ہے تاہم مجموعی صورتحال اب بھی تشویشناک ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق لیسکو کو اس وقت تقریباً 2000 میگاواٹ بجلی فراہم کی جا رہی ہے جبکہ طلب 2990 میگاواٹ تک پہنچ چکی ہے، جس کے باعث شارٹ فال تقریباً 1000 میگاواٹ ہو گیا ہے۔ شہری علاقوں میں 2 سے 3 گھنٹے جبکہ دیہی علاقوں میں 4 سے 5 گھنٹے تک بجلی کی بندش رپورٹ کی گئی ہے، فضائیہ ہاؤسنگ، اڈا پلاٹ، جوہر ٹاؤن، اقبال ٹاؤن، گلشن راوی، سمن آباد، ہربنس پورہ اور کوٹ خواجہ سعید سمیت کئی علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ بجلی کی غیر اعلانیہ بندش سے شہری شدید پریشانی کا شکار ہیں اور متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

بقیہ 10

موقع پر موجود تھے۔ فارغ التحصیل کیڈٹس سے خطاب کرتے ہوئے سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے انہیں ٹریننگ کامیابی سے مکمل کرنے پر مبارکباد دی اور اکیڈمی کو باکردار، منظم اور پیشہ ور افسران تیار کرنے پر سراہا۔ اُنہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ یہ نوجوان افسران پاک فضائیہ کی شاندار روایات کو برقرار رکھتے ہوئے سیکنڈ ٹو نن کے وژن کو آگے بڑھائیں گے۔ اُنہوں نے مئی 2025 کے معرکۂ حق کے دوران پاک فضائیہ کی شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے اس کامیابی کو سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی متحرک قیادت میں جدت طرازی، بصیرت افروز حکمت عملی اور جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر انضمام کا نتیجہ قرار دیا۔ اُنہوں نے ملٹی ڈومین آپریشنز، خصوصاً الیکٹرانک وارفیئر، سائبر اور اسپیس ڈومینز میں پی اے ایف کی بڑھتی ہوئی مہارت کو اجاگر کیا اور فارغ التحصیل افسران پر زور دیا کہ وہ مستقبل کے چیلنجز کے لیے بروقت ردعمل کے ذریعے خود کو تیار رکھیں۔ مشترکہ آپریشنز کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ پاک بحریہ، دیگر مسلح افواج کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے ذریعے اپنی آپریشنل صلاحیتوں کو مزید بہتر بنا رہی ہے، اور جدید پلیٹ فارمز کی شمولیت کے ذریعے قومی بحری مفادات کے تحفظ اور کسی بھی جارحیت کا مؤثر مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہے۔ اُنہوں نے پاکستان کو درپیش پیچیدہ اور بدلتے ہوئے سیکیورٹی ماحول کا ذکر کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مسلح افواج، قوم کی غیر متزلزل حمایت کے ساتھ، ملک کے دفاع اور خطے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔ اس موقع پر مجموعی طور پر 113 ایوی ایشن

کیڈٹس نے گریجویشن مکمل کی۔ سربراہ پاک بحریہ نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کیڈٹس میں ٹرافیاں تقسیم کیں۔ ایوی ایشن کیڈٹ اسکواڈرن انڈر آفیسر نادعلی کو جنرل سروس ٹریننگ میں مجموعی بہترین کارکردگی پر چیف آف دی ڈیفنس فورسز ٹرافی سے نوازا گیا۔ ایوی ایشن کیڈٹ نوید شہزاد اور ایوی ایشن کیڈٹ محمد عبداللہ اعجاز کو بالترتیب انجینئرنگ اور ایئر ڈیفنس کورسز میں بہترین کارکردگی پر چیف آف دی ایئر اسٹاف ٹرافیز دی گئیں۔ ایوی ایشن کیڈٹ فرحان جاوید نے کامبیٹ سپورٹ کورس میں بہترین کارکردگی پر ٹرافی حاصل کی۔ جبکہ ایوی ایشن کیڈٹ ونگ انڈر آفیسر باسط عالیان صدیقی اور ایوی ایشن کیڈٹ سلمان سعید کو بالترتیب کالج آف ایروناٹیکل انجینئرنگ اور کالج آف فلائنگ ٹریننگ میں بہترین کارکردگی پر اعزازی شمشیر سے نوازا گیا۔ تقریب میں اعلیٰ عسکری حکام، معزز مہمانان گرامی اور فارغ التحصیل کیڈٹس کے اہل خانہ نے شرکت کی۔ تقریب کا اختتام پاک فضائیہ کے جدید لڑاکا طیاروں، بشمول جے ایف 17 تھنڈر اور ایف 16 کے شاندار فلائی پاسٹ سے ہوا، جس کے بعد شیر دل فارمیشن ٹیم نے اپنی مہارت، پیشہ ورانہ صلاحیت اور آپریشنل برتری کا شاندار مظاہرہ پیش کیا۔

بقیہ 11

ڈویژن کی سطح پر سٹریٹیجک منیجمنٹ کمیٹیاں قائم کی جائیں گی جس سے گندم خریداری کے امور کی مانیٹرنگ کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے تاریخ ساز زرعی پراجیکٹس پر 88 فیصد کسانوں نے اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں ''ورک ود پنجاب گورنمنٹ'' پروگرام شروع کرنے کا بھی اعلان کیا۔ ایگریکلچر گریجوایٹ سمیت دیگر کو انٹرن شپ کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ کسان کارڈ سے 100 ارب روپے کے قرضوں کے اجراء کا ریکارڈ اور 99 فیصد وصولی کا ریکارڈ بھی بن گیا ہے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ کسان کارڈ کے ذریعے 9 لاکھ کاشتکاروں کی رجسٹریشن ہو چکی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کاشتکاروں رجسٹریشن جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت 30 ہزار ٹریکٹرز کا ہدف مقرر کیا گیا جبکہ 20 ہزار ٹریکٹرز کاشتکاروں کو مل گئے۔ گرین ٹریکٹر سکیم اور ایگریکلچر میکانائزیشن کی وجہ سے مقامی انڈسٹری فروغ پانے لگی۔ ڈسکہ میں ہارویسٹر کی مقامی سطح پر تیاری کے لئے لوکل مینوفیکچرز بھی سرگرم عمل ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کسان کو متاثر نہیں ہونے دیں گے۔ زرعی ترقی کو پائیدار بنیادوں پر استوار کیا جا رہا ہے۔ دو سال میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حقیقی زرعی انقلاب لانے کا اعزاز حاصل ہے۔

بقیہ 12

شکیل احمد میاں، سپیشل سیکرٹری شاہد زمان، وزیراعلیٰ کے فوکل پرسن برائے ستھرا پنجاب عاصم محمود اور ڈی جی ستھرا پنجاب بابر صاحب دین بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے اضلاع میں نوتعینات شدہ ایم ڈیز کو ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آئی پور IPOR کے سروے میں عوام کا اعتماد ستھرا پنجاب کی پوری ٹیم کے لئے بہت بڑا اعزاز ہے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ ستھرا پنجاب وزیراعلیٰ مریم نواز کے دل کے قریب پروگرام ہے۔ سروے میں ستھرا پنجاب کو ٹاپ ریٹنگ ملنے پر اجلاس کے شرکا نے تالیاں بجا کر مسرت کا اظہار کیا۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ ستھرا پنجاب کا نیٹ ورک ہر جگہ موجود ہے۔ گزشتہ سال سیلاب کے دوران بھی نیٹ ورک جگہ جگہ انتظامیہ کا ہیلپنگ ہینڈ بنا۔ خدانخواستہ کسی بھی قدرتی آفات میں ہمارے ورکرز آئندہ بھی حکومت کے دست و بازو بنیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز نے ستھرا پنجاب پروگرام کے ذریعے دو لاکھ افراد کو بلاواسطہ روزگار دیا جبکہ لاکھوں دیگر خاندانوں کو بالواسطہ طور پر فائدہ پہنچ رہا ہے۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ دنیا میں ستھرا پنجاب کو صفائی کا کامیاب ماڈل سمجھا جا رہا ہے۔ ستھرا پنجاب سے عوام کی بڑھتی توقعات پورا کرنا ہمارا فرض ہے۔ ضلعی سطح پر مانیٹرنگ کے ساتھ ہم اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بڑے شہروں کے مصروف کمرشل علاقوں میں رات کے وقت تیسری شفٹ بھی شروع ہو گئی ہے۔ دیہات میں بھی اس پروگرام کا انفراسٹرکچر مضبوط بنایا گیا ہے۔ اجلاس میں ہر ضلع میں اینٹی لٹرنگ سکواڈز تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا جو گندگی پھیلانے پر ضروری اقدامات کریں گے۔ وزیر بلدیات نے زور دیا کہ گندگی پھیلانے پر جرمانے کا مقصد صرف معاشرے کی اصلاح ہونا چاہیے۔ ستھرا پنجاب اتھارٹی ایکٹ کے تحت متعلقہ حکام کے پاس جرمانوں کا اختیار موجود ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں نے کہا کہ اتھارٹی ماڈل کے تحت ٹرانزیشن کا عمل تکمیل کے قریب ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمپنی ماڈل سکڑ رہا ہے جبکہ اتھارٹی ماڈل پھیل رہا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ویسٹ منیجمنٹ کمپنیوں کے سی ای اوز ایم ڈیز کو مکمل سپورٹ کریں۔ ڈائریکٹر جنرل ستھرا پنجاب اتھارٹی بابر صاحب دین نے کہا کہ کنٹریکٹرز کی مانیٹرنگ میں کوئی کوتاہی نہیں ہونی چاہیے۔ عوام اور وزیراعلیٰ کی توقعات پر پورا اتریں گے۔

بقیہ 13

سروس کمیشن افضال احمد نے کامیاب امیدواروں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ اوپن میرٹ، ویمن کوٹہ اور اقلیتی کوٹہ کے تحت تمام اسامیاں پر کر دی گئی ہیں جبکہ ملازمین کے بچوں کے کوٹہ کی دو اسامیاں موزوں امیدواروں کی عدم دستیابی کے باعث اوپن میرٹ میں شامل کر کے پر کی گئی ہیں۔ کامیاب امیدواروں میں عدنان طاہر، محمد حمزہ اور محمد امجد شامل ہیں۔ کامیاب امیدواروں کی فہرست پنجاب پبلک سروس کمیشن کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

بقیہ 14

تحصیلدار سلیم مشرف، چوہدری پرویز، چوہدری خضر، چوہدری طلال اور چوہدری علی اصغر بھی موجود تھے۔ تقریب نہایت خوشگوار اور پر رونق ماحول میں منعقد ہوئی جہاں معززینِ علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے میزبان خاندان کو مبارکباد دی۔ مجسٹریٹ چوہدری شفقت محمود نے نو دولہا چوہدری سہیل ظفر کو ازدواجی زندگی کے آغاز پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں خوشیوں بھری، کامیاب اور بابرکت زندگی عطا فرمائے آمین

بقیہ 15

میں موجود تھے۔ بچی کے جسم پر پائے گئے تشدد کے نشانات دو دن پرانے ہیں۔ واقعے کی اطلاع پر متعلقہ پولیس فوری حرکت میں آ گئی۔ بچی کو ہسپتال لانے والے باپ اور سوتیلی ماں کو حراست میں لے لیا گیا کیونکہ دونوں افراد کے بیانات میں تضاد تھا، جو مشکوک قرار دیے گئے۔ ایس پی صدر رانا حسین طاہر کا کہنا ہے کہ جناح ہسپتال میں بچی کا پوسٹ مارٹم جاری ہے، موت کی اصل وجہ کے تعین کے لیے فرانزک شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں۔ پوسٹ مارٹم رپورٹ کی روشنی میں مقدمہ درج کیا جائے گا۔ ایس پی صدر کا کہنا تھا کہ کیس کو نہایت سنجیدگی سے دیکھا جا رہا ہے، ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 16

صلاحیت رکھتی ہیں، وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت لیپ ٹاپ اسکیم پورے ملک میں بلا امتیاز جاری ہے۔ وہ منگل کو باچا خان یونیورسٹی چارسدہ میں وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت طلبہ میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب سے بطور مہمان خصوصی

خطاب کر رہے تھے۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ باچا خان یونیورسٹی کی اس پروقار تقریب میں آپ سب کے درمیان آکر مجھے بے حد خوشی محسوس ہو رہی ہے، یہ تقریب درحقیقت پاکستان کے روشن مستقبل کی عکاسی کرتی ہے کیونکہ آج ہم اپنے ان ہونہار طلبہ میں لیپ ٹاپ تقسیم کر رہے ہیں جو اپنی محنت، قابلیت اور لگن کے باعث اس اعزاز کے مستحق ٹھہرے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ عظیم اقدام وزیراعظم محمد شہباز شریف کے وژن کا عکاس ہے جنہوں نے نوجوانوں کو بااختیار بنانے، جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے اور تعلیم کے میدان میں آگے بڑھانے کیلئے یہ انقلابی قدم اٹھایا۔ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت لیپ ٹاپ اسکیم پورے ملک میں بلا امتیاز جاری ہے، جس میں چاروں صوبے، وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، گلگت بلتستان اور آزاد جموں وکشمیر شامل ہیں اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ یہ اسکیم مکمل طور پر میرٹ کی بنیاد پر ہے۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے کہا کہ یہ لیپ ٹاپ صرف ایک مشین نہیں بلکہ آپ کے روشن مستقبل کی کنجی ہے، یہ آپ کو تحقیق، تعلیم اور دنیا سے جڑنے کے نئے مواقع فراہم کرے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وہ رانا مشہود احمد خان کی کاوشوں کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہیں جن کی قیادت میں وزیراعظم یوتھ پروگرام نوجوانوں کیلئے امید کی ایک کرن بن چکا ہے۔ اسی طرح پاکستان ایجوکیشن اینڈومنٹ فنڈ، دانش اتھارٹی اور دیگر منصوبے بھی ہزاروں طلبہ کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان عالمی سطح پر بھی ایک اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان نہ صرف خطے میں امن کے فروغ کیلئے کوشاں ہے بلکہ امریکا اور ایران کے درمیان جاری اہم سفارتی عمل میں بھی مثبت کردار ادا کر رہا ہے جو پاکستان کی بڑھتی ہوئی عالمی اہمیت کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی غیر معمولی قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے دشمن کے عزائم کو ناکام بنایا اور قوم کو ایک نئی طاقت بخشی، آپریشن بنیان مرصوص میں کامیابی نے پوری قوم میں ایک نیا جذبہ اور حوصلہ پیدا کیا ہے، یہ فتح اس بات کا ثبوت ہے کہ ہماری افواج اور قوم ہر چیلنج کا مقابلہ کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ وقت ہے کہ آپ اس قومی جذبے کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں، محنت کریں، علم حاصل کریں اور پاکستان کا نام دنیا بھر میں روشن کریں۔ آپ ہی اس ملک کا مستقبل ہیں اور آپ ہی نے اس کو ترقی کی نئی بلندیوں تک لے جانا ہے۔ وفاقی وزیر نے وزیراعظم محمد شہباز شریف، چیئرمین رانا مشہود احمد خان اور پروگرام سے وابستہ تمام افراد اور تمام طلبہ کو مبارکباد پیش کی۔

بقیہ 17

ایس ایل فور منصوبے کی منظوری دی، جبکہ سیالکوٹ رنگ روڈ کے مختلف فیز کی بھی اصولی منظوری دی گئی، اس کے علاوہ وزیرآباد روڈ تا سیالکوٹ پسرور روڈ رنگ روڈ کی تعمیر کا منصوبہ بھی پیش کیا گیا۔ اجلاس میں بھکر، لیہ اور تھل کے علاقوں کو ایم فور موٹروے سے منسلک کرنے کے لیے تھل ایکسپریس وے کے مجوزہ منصوبے پر بھی غور کیا گیا، جبکہ راولپنڈی سگنل فری کوریڈور پراجیکٹ پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا، جہاں 7 انڈر پاسز اور ایک اوور ہیڈ برج تعمیر کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ملتان وہاڑی روڈ سمیت دیگر منصوبوں کی ویکلی رپورٹ طلب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ تمام جاری روڈ پراجیکٹس ہر صورت بروقت مکمل کیے جائیں اور 30 جون تک تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب میں روڈز سیکٹر کے 2143 منصوبوں پر کام جاری ہے جن میں 258 زیر تکمیل ہیں، جبکہ مختلف شہروں میں جاری 462 سکیموں میں سے 376 مکمل ہو چکی ہیں اور 86 پر کام جاری ہے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ پنجاب کی تاریخ میں پہلی بار 12 ہزار کلومیٹر سے زائد سڑکوں کی تعمیر و مرمت کی گئی ہے اور دیہی علاقوں کی رابطہ سڑکوں پر خصوصی توجہ دی گئی ہے، جس سے کھیت سے منڈی اور کارخانوں سے مارکیٹ تک رسائی آسان ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ مساوی ترقی اور خوشحالی کے لیے ہر شہر اور ہر گاؤں تک سڑکوں کی تعمیر ناگزیر ہے، جبکہ لاہور ٹورازم ہائی وے کے منصوبے میں شجرکاری یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی گئی۔

بقیہ 18

وزارت آئی ٹی اے آئی کیلئے بنیادی انفرااسٹرکچر ڈویلپمنٹ منصوبہ شروع کر رہی ہے، اے آئی کی ترقی کیلئے جدید کمپیوٹنگ پاور اور جی پی یوز فراہم کیے جائیں گے، اگنائٹ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی فنڈ کے ذریعے اے آئی انفرااسٹرکچر کا منصوبہ شروع کیا جائے گا۔ سرکاری اور پرائیویٹ شعبے کو کمپیوٹنگ پاور اور جی پی یوز فراہم کیے جائیں گے، اے آئی کی تحقیق اور ترقی کے لیے صنعتوں کو وسائل فراہم کیے جائیں گے۔ ذرائع کیم طاقب جی پی یوز کی فراہمی جدید کمپیوٹنگ کیلئے ایک انقلابی قدم ثابت ہوگی۔

بقیہ 19

یافتہ اور پولیس کو سنگین وارداتوں میں مطلوب تھا۔ لاہور پولیس نے لاش کو مردہ خانے منتقل کر دیا۔

بقیہ 20

اپنے ڈیوٹی پوائنٹ پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ نہ پہنچ سکیں۔ عائشہ کی ڈیوٹی رات 11 بجے سے صبح 7 بجے تک مقرر تھی۔ پولیس کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی مختلف ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں اور تلاش جاری ہے۔ عائشہ کے اغواء کا مقدمہ ان کے والد کی مدعیت میں درج کرلیا گیا ہے جبکہ واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 21

منظوری طلب کی تھی، جس پر انہوں نے سیکیورٹی اجلاس میں بھرتیوں کے عمل کی اصولی منظوری دی، جس کے تحت بم ڈسپوزل اسکواڈ میں 14 کمانڈر اور 60 ٹیکنیشنز بھرتی کیے جائیں گے۔ دریں اثناء محکمہ خزانہ نے بھی بھرتیوں کے عمل پر فوری آمادگی ظاہر کر دی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ بم ڈسپوزل عملے کی کمی سے آپریشنل صلاحیت متاثر ہونے کا خدشہ تھا۔

بقیہ 22

کے اور 141 لڑکیاں شامل ہیں۔ اس حوالے سے ماہرین صحت کا کہنا تھا کہ سندھ میں روزانہ بچوں کے اوسطاً 3 سے 4 نئے ایچ آئی وی کیسز سامنے آ رہے ہیں۔ محکمہ صحت کے مطابق سندھ میں 2026 کے پہلے 3 ماہ کے دوران ایچ آئی وی کے مجموعی طور پر 894 کیسز رپورٹ ہوئے جن میں سے جنوری میں 294، فروری میں 324 اور مارچ میں 276 نئے کیسز رپورٹ ہوئے۔

بقیہ 23

سوار شورکوٹ سے کبیر والا آ رہے تھے۔ جاں بحق شناخت 57 سالہ اللہ بخش ولد طالب سکنہ شورکوٹ 18، سالہ راشد ولد رمضان 23، سالہ محمد حسین ولد یاسین سکنہ کبیروالا شامل۔ ریسکیو 1122 کی جانب سے لاشوں کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کبیروالا منتقل کیا کر دیا۔

بقیہ 24

گا تو وہیں اپرنٹس شپ پروگرام سے نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع بڑھیں گے اور ای کامرس پروگرام کے ذریعے کاروباروں کو ڈیجیٹل مارکیٹ تک رسائی ہوگی جبکہ صنعتی کلسٹرز کے قیام سے پیداواری لاگت میں بھی کمی ممکن ہوگی۔ حکام کا کہنا ہے کہ لاجسٹکس نظام بہتر ہونے سے کاروباری سرگرمیوں میں تیزی آئے گی ریگولیٹری سہولت اور عالمی معیار پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے سازگار ماحول پیدا کیا جائے گا جبکہ

منصوبے سے برآمدات اور صنعتی پیداوار میں اضافہ متوقع ہوگا۔

بقیہ 25

ہوئے سیکرٹری اسکول ایجوکیشن، چیئرمین پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ اور وزیر تعلیم پنجاب کو براہ راست مخاطب کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر تمام سرکاری سکولوں میں مکمل نصابی کتب کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر بچت ہی مقصد ہے تو اس کا بوجھ صرف بچوں کی تعلیم پر ڈالنا کسی بھی صورت قابل قبول نہیں، کیونکہ یہی بچے ملک کا مستقبل ہیں۔ ستھرا پنجاب کے دعوے اس وقت تک کھوکھلے رہیں گے جب تک ستھرا ذہن پروان نہیں چڑھے گا، اور اس کے لیے معیاری اور مکمل تعلیم بنیادی شرط ہے۔ اب یہ ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوتی ہے کہ وہ اس اہم مسئلے کو سنجیدگی سے لیں اور فوری عملی اقدامات کے ذریعے طلباء کو ان کا بنیادی حق فراہم کریں

بقیہ 26

اعزاز میں الوداعی تقریب، ایس ایس پی انوسٹیگیشن ناصر علی خان، ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب اور دیگر افسران کی شرکت، افسران نے ریٹائر ہونے والے انسپکٹر اصغر علی کی محکمہ کے لئے خدمات پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے کہا کہ راولپنڈی پولیس کے لیے آپ ایک اثاثہ ہیں، آپ کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کامیاب کیریئر کے اختتام پر آپ مبارکباد کے مستحق ہیں۔ ایس ایس پی انوسٹیگیشن اور ایس ایس پی آپریشنز نے ریٹائر ہونے والے انسپکٹر کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے۔

بقیہ 27

برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا۔

بقیہ 28

سمیر حیدر پر قاتلانہ حملے کے جرم میں بھی ملزم کو 7 سال قید سخت اور 1 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی، جبکہ جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں مزید 6 ماہ قید ہوگی بھی سہنا ہوگی۔ مزید برآں چشم دید گواہ کو زخمی کرنے پر بھی 1 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا، پولیس حکام کے مطابق کیس کی باریک بینی سے تفتیش، شواہد کا مضبوط ریکارڈ اور مؤثر پیروی نے عدالت میں جرم ثابت کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا، جسے عدالت نے بھی تسلیم کیا۔ اس فیصلے کو انصاف کی فراہمی اور قانون کی بالادستی کی اہم مثال قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ 29

گرفتار کر کے 10 لیٹر شراب برآمد کی، ٹیکسلا پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 10 لیٹر شراب برآمد کی، ملزمان کیخلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 30

وزیراعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مسائل کے حل کیلئے مکالمہ اور سفارتکاری ہی واحد قابل عمل راستہ ہے اور پاکستان اس حوالے سے اپنی مسلسل کوششیں جاری رکھے گا۔ دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور کویت کے مضبوط تعلقات کی توثیق کی اور قریبی رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 31

سسٹم کو مزید فعال بنانے کیلئے ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں اہم اجلاس منعقد ہوئے، جن میں ڈی آئی جی سیف سٹی محمد ہارون جوئیہ، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز ملک جمیل ظفر سمیت اے آئی جیز، ایس ایس پیز اور ایس پیز نے شرکت کی، اجلاس میں آئی جی اسلام آباد نے وفاقی دارالحکومت میں امن وامان کی مجموعی صورتحال، شہر بھر میں پٹرولنگ کے نظام، ناکہ جات پر مؤثر چیکنگ، ریڈزون کی سکیورٹی اور غیر ملکی وفود کی حفاظت کے انتظامات کا جائزہ لیا، اس موقع پر انہوں نے تمام افسران کو واضح احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عام شہریوں کے لیے آسانیاں پیدا کرنا اولین ترجیح ہونی چاہیے، انہوں نے پولیس افسران کی ویلفیئر کو بھی ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ اہلکاروں کی فلاح و بہبود سے ہی عوام کی بہتر خدمت ممکن بنائی جا سکتی ہے، آئی جی اسلام آباد نے تفتیشی نظام میں اصلاحات، کیپیٹل پولیس کالج میں تربیتی نظام کی بہتری اور پولیس ویلفیئر منصوبوں کا بھی جائزہ لیا، بعد ازاں آئی جی اسلام آباد نے سیف سٹی اسلام آباد کے توسیعی منصوبوں، ٹیکنالوجی پر مبنی اقدامات اور شہری سہولت کے لئے موبائل ایپلیکیشنز کے حوالے سے پیشرفت کا بھی جائزہ لیا، اس موقع پر انہوں نے ہدایت دی کہ پبلک سروس ڈیلیوری کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے، آئی جی اسلام آباد نے شہریوں کی شکایات کے بروقت ازالے، مقدمات کی مؤثر پیروی اور قانونی معاملات میں بہتری کے حوالے سے اہم نکات پر غور کیا، انہوں نے کمپلینٹس مینجمنٹ سسٹم کو مزید فعال بنانے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی شکایات کے ازالے میں تیزی اور میرٹ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کا پولیس پر اعتماد مزید مضبوط ہو سکے۔

بقیہ 32

انہوں نے لائسنسنگ برانچ میں جاری خدمات کا تفصیلی جائزہ لیا اور شہریوں سے براہ راست ملاقات کر کے ان کے مسائل اور تجاویز سنیں، دورے کے دوران اسلام آباد ٹریفک پولیس کے سینئر افسران نے سروسز، پروسیسنگ اور دیگر امور پر بریفنگ دی، سی ٹی او محمد سرفراز ورک نے عملے کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کا عمل مزید آسان، تیز اور شفاف بنایا جائے تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے، انہوں نے اس موقع پر ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس کے افسران و جوان اپنے فرائض منصبی بخوبی سرانجام دینے میں ہمہ وقت مصروف عمل ہیں، جبکہ ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ افسران ڈیوٹی کے دوران شہریوں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئیں، ہمارا اولین فرض شہریوں کو درپیش مشکلات کو دور کرنا ہے، دورے کا مقصد شہریوں کو فراہم کی گئی سہولتوں کا جائزہ لینا اور اسلام آباد ٹریفک پولیس کے افسران و جوانوں کی حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ ان کا مورال بلند کرنا تھا، اسلام آباد پولیس کا مقصد صرف قانون کا نفاذ نہیں بلکہ شہریوں کو سہولیات فراہم کرنا بھی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 33

کے لئے مؤثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں تھانہ مارگلہ، تھانہ سنگجانی، تھانہ سبزی منڈی، تھانہ کھنہ، تھانہ کرپا اور تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس ٹیموں نے 11 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 317 گرام آئس، سات بوتلیں شراب اور مختلف بور کے سات عدد پستول معہ ایمونیشن برآمد کر لئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کیلئے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران آٹھ مجرمان کی گرفتاری بھی عمل میں لائی گئی۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔ کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی

اجازت نہیں دی جائے گی۔ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جا سکے۔

بقیہ 34

کمپنیوں کا کوئی اثر نہ پڑتا اور ملک کے جنوب میں فرنس آئل کے علاوہ دیگر ذرائع سے پیدا شدہ بجلی کی فراہمی کا وافر مقدار میں موجود ہونا ہے، جنوب میں یہ بجلی صرف انہی دو تقسیم کار کمپنیوں کو ہی مہیا ہوتی ہے تو اس ضمن میں صارفین کو بے جا تکلیف میں نہیں ڈالا جا رہا۔

بقیہ 35

منصوبہ دنیا بھر کے سکھ یاتریوں کے نام وقف ہے، جس کا مقصد مذہبی ہم آہنگی اور یگانگت کو فروغ دینا ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ وزارت مواصلات اس موٹروے پر زائرین کو عالمی معیار کی سفری سہولیات فراہم کرے گی۔ موٹروے کے اطراف ہوٹلز، مالز، سروس ایریاز اور دیگر ضروری سہولیات ''پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ'' (PPP) موڈ پر تعمیر کی جائیں گی۔ انہوں نے دنیا بھر کی سکھ برادری کو اس عظیم الشان منصوبے میں شراکت داری کی دعوت بھی دی۔ وفاقی وزیر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سکھ یاتریوں کے سفر کو آسان اور محفوظ بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 36

مختلف پہلوؤں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وفاقی وزیر نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ گرین انکلیو ون میں ترقیاتی کام بہت جلد دوبارہ شروع کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سیکرٹری ہاؤسنگ ذاتی دلچسپی لے کر پراجیکٹ کی نگرانی کر رہے ہیں اور جلد ڈویلپمنٹ شروع کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ریاض حسین پیرزادہ نے کہا کہ وہ خود بھی آئندہ چند روز میں پراجیکٹ کا دورہ کریں گے تاکہ پیش رفت کا جائزہ لیا جا سکے۔

بقیہ 37

نے کہا کہ وسطی ایشیائی ریاستیں، افغانستان اور چین پاکستانی سفید چینی کیلئے بڑی منڈیاں ہیں، اس کرشنگ سیزن کے آغاز میں 2 لاکھ 71 ہزار ٹن چینی کا ذخیرہ موجود تھا، 25 مارچ 2026 کے اعداد و شمار کے مطابق اب تک تقریباً 75 لاکھ ٹن چینی پیدا ہوئی ہے چونکہ چند ملوں میں ابھی تک کرشنگ جاری ہے اس لیے اس بات کا قوی امکان ہے کہ چینی کی پیداوار 77 لاکھ ٹن تک پہنچ جائے گی جبکہ ایک لاکھ ٹن چینی چقندر سے بھی حاصل ہوگی۔ لہٰذا اس دفعہ کرشنگ سیزن کے اختتام تک چینی کا مجموعی سٹاک 80 لاکھ 71 ہزار ٹن موجود ہوگا جبکہ 13 ماہ کی کھپت تقریباً 70 لاکھ 20 ہزار ٹن ہے، اعداد و شمار کے مطابق اس مرتبہ تقریباً 10 لاکھ 50 ہزار ٹن اضافی چینی موجود ہوگی۔ اجلاس میں موجود وفاقی سیکرٹری صنعت سیف انجم نے چینی کی برآمد کے لئے گرین سگنل دیا تاہم شرکاء نے تمام تر صورتحال کا ایک بار پھر جائزہ لے کر فیصلہ کرنے پر اتفاق کیا، اس حوالے سے ایک بار پھر ایف بی آر سے رپورٹ لی جائے گی۔

بقیہ 38

ہے کہ بیساکھی پر راہداری کھولی جائے۔ سر اندر جیت سنگھ نے کہا کہ بھارتی یاتری کرتار پور راہداری کھلنے کے منتظر ہیں، بھارت کرتار پور راہداری کھولے تاکہ زیادہ سے زیادہ یاتری دربار آ سکیں۔

بقیہ 39

متعارف کروائی گئی ہے، جن میں راولپنڈی بھی شامل ہے۔ اس مقصد کے لیے خصوصی گاڑیاں فراہم کی گئی ہیں تاکہ منتقلی کا عمل باوقار اور بروقت انجام دیا جا سکے۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر صبغت اللہ کے مطابق یہ سہولت عوامی خدمت کے جذبے کے تحت شروع کی گئی ہے اور شہری کسی بھی وقت 1122 پر کال کر کے اس سروس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

بقیہ 40

کے مطابق دفتر میں سروی کے لیے صرف ایک ہی اہلکار تعینات ہے جو پورے دن میں بمشکل 16 سے 18 خواتین کا سروی مکمل کرتا ہے، جبکہ باہر سینکڑوں خواتین سخت گرمی میں گھنٹوں انتظار کرتی رہتی ہیں۔ دور دراز علاقوں سے آنے والی یہ خواتین کرایہ خرچ کر کے دفتر پہنچتی ہیں، مگر ان کے ساتھ مناسب رویہ اختیار کیا جاتا ہے اور نہ ہی ان کے مسائل حل کیے جاتے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سفارشی اور بااثر افراد کو ترجیحی بنیادوں پر سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، جبکہ اصل مستحق خواتین کو نظر انداز کر کے دھکے دے کر واپس بھیج دیا جاتا ہے، جو کھلی ناانصافی کے مترادف ہے۔ عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر کشمور اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر اس صورتحال کا نوٹس لیا جائے، اضافی عملہ تعینات کیا جائے، سروی کے عمل کو تیز کیا جائے اور خواتین کے لیے ٹھنڈے پانی، پنکھوں اور بیٹھنے کی مناسب سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ انہیں مزید اذیت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 41

آپریشنز کیے گئے۔ سرچ آپریشن کے دوران 701 افراد 262 گھرانوں 48 ہوٹلوں 83 دکانیں 251 موٹرسائیکلوں اور 117 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ 27 مشکوک افراد اور 23 موٹر سائیکلوں کو جانچ پڑتال کیلئے تھانہ جات منتقل کیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو مؤثر بنانا ہے۔ سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کئے جا رہے ہیں۔ اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فون کریں۔

بقیہ 42

جائے اور ترقیاتی سرگرمیوں کی باقاعدہ نگرانی یقینی بنائی جائے تاکہ منصوبہ بروقت اور بہترین انداز میں پایہ تکمیل تک پہنچ سکے۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا بھی اچانک معائنہ کیا انہوں نے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی حاضری اور صفائی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کر کے ہیلتھ کیئر سسٹم کی کارکردگی اور دیگر انتظامی امور کا بھی جائزہ لیا۔ علاوہ ازیں انہوں نے مریضوں سے علاج ومعالجہ کی فراہمی بارے دریافت کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ کو تاکید کی کہ ہیلتھ کیئر سسٹم کی احسن کارکردگی کے ذریعے عمدہ سروس ڈیلیوری کو یقینی بنایا جائے

بقیہ 43

اور 231 فکس سینٹرز کو بھی سیکورٹی فراہم کی گئی، تھانوں کی موبائل، ایلیٹ سکواڈ اور ڈولفن فورس نے علاقے میں گشت کے فرائض سرانجام دیئے، پولیو مہم کی سیکورٹی کیلئے فول پروف سیکورٹی انتظامات کئے گئے۔

بقیہ 44

جیسے خونی کھیل میں ملوث افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 45

اور 2 بیٹریاں برآمد ہوئی، زیر حراست شخص گھروں میں داخل ہو کر موٹر سائیکل اور دیگر چوری ونقب زنی

کی وارداتیں کرتا تھا، صدر بیرونی پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر لیا، زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔ ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ شہریوں کو قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے بچ نہیں سکتے۔

بقیہ 46

محنت، جانفشانی اور دل جوئی سے کام کریں۔ پولیس افسران کی اچھی کارکردگی کو سراہا جائے گا جبکہ ناقص اور غیر تسلی بخش کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالے افسران کے خلاف محکمانہ کارروائیاں عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسی پولیس آفیسر کو کسی بھی قسم کا مسئلہ یا پریشانی درپیش ہو تو میرے دفتر کے دروازے آپ کے لئے ہمیشہ کھلے ہیں۔ تمام افسران بہترین فرائض منصبی ادا کرنے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور امن و امان کو برقرار رکھنا ہماری ترجیح اور ذمہ داری ہے۔

بقیہ 47

سنائی گئی، مجرم سے 1 کلو 400 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ چکلالہ پولیس نے جون 2025 میں گرفتار کیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمات کی مؤثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالتوں نے مجرمان کو قرار واقعی سزائیں سنائیں۔ مجرمان کو قرار واقعی سزائیں ملنے پر سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے ایس ایس پی انوسٹی گیشن اور تفتیشی و لیگل ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 48

کو اعتماد میں لیا۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری نے ایوان صدر میں میٹنگ کی، مشکل وقت میں قوم کو متحد رکھنے میں کردار ادا کیا، بلاول بھٹو کے پاس کوئی عہدہ نہیں لیکن وہ ایران امریکا مذاکرات کیلئے متحرک تھے۔ دوسری جانب سینئر وزیر سندھ شرجیل میمن نے کہا کہ امریکا، ایران مذاکرات کا انعقاد پاکستان کی اہم کامیابی ہے۔ اپنے بیان میں شرجیل میمن کا کہنا ہے کہ وزیراعظم اور فیلڈ مارشل مبارکباد کے مستحق ہیں، دنیا جانتی ہے پاکستان سفارتی سطح پر کامیابیاں حاصل کر رہا ہے، پاکستان چاہتا ہے پوری دنیا میں امن ہو، مذاکرات کے دوران پوری دنیا کی نظر پاکستان پر تھی۔ شرجیل میمن نے کہا کہ پاکستان نے دنیا کو اپنی اہمیت سے واقف کروایا، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ وہ کام کیا جس سے عوام کا فائدہ ہو، انہوں نے مزید کہا کہ سندھ حکومت کاشتکاروں کو ریلیف دے چکی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ہر سیکٹر کو سبسڈی کی فراہمی سندھ حکومت کی ترجیح ہے، پٹرول کی قیمت میں اضافے کے بعد عوام کیلئے اقدامات کئے۔

بقیہ 49

کئے جائیں گے۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے سکیورٹی سمیت تمام انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی ہے۔

بقیہ 50

جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد جواد طارق نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنے، انہوں نے افسران کو شہریوں کے مسائل کے فوری حل کے احکامات جاری کئے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہری اپنے مسائل کے حل کے لئے "آئی جی پی شکایت سیل-1715" پر بھی اپنی شکایات و مسائل درج کروا سکتے ہیں، اسلام آباد پولیس مختلف اقدامات کے ذریعے عام شہریوں تک پہنچ کر ان کے مسائل کو حل کرنے کے لئے پرعزم ہے، انہوں نے مزید کہا کہ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے تمام سینئر پولیس افسران کو ضلع بھر میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کے احکامات جاری کئے ہیں اور اس سلسلے میں تمام زونل ایس پیز اپنے زونز میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کر رہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کا کوئی بھی شہری ان کھلی کچہریوں میں کھل کر اپنے مسائل بیان کر سکتا ہے، اسلام آباد پولیس کی اس عوامی رابطہ مہم کا مقصد شہریوں کے مسائل ان کے دہلیز پر حل کرنا ہے۔

بقیہ 51

مسئلے کا سامنا ہے اور اندازوں کے مطابق سگریٹ کی پیداوار اور استعمال کا 25 فیصد سے زیادہ حصہ یعنی تقریباً 20 ارب سگریٹ ٹیکس اور ڈیوٹی کی ادائیگی سے بچ جاتا ہے، اس کے نتیجے میں حکومت کو سالانہ تقریباً 137 سے 200 ارب روپے کے ریونیو کا نقصان ہو رہا ہے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ یہ مسئلہ بڑی حد تک اندرونی نوعیت کا ہے جس کی بنیادی وجوہات غیر قانونی پیداوار اور وسیع پیمانے پر ٹیکس چوری ہیں، اس کے ساتھ ساتھ تیار شدہ سگریٹ یا خام مال کی سمگلنگ بھی اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سال 2025 میں حکومت کی جانب سے اس حوالے سے کارروائیوں میں تیزی لائی گئی اس میں ایک جامع ٹریک اینڈ ٹریس نظام کا نفاذ شامل تھا، ان کارروائیوں کے دوران ملک بھر میں غیر قانونی فیکٹریوں، ڈسٹری بیوٹرز اور ریٹیلرز کے خلاف کریک ڈاؤن بھی کیا گیا جس کے نتیجے میں غیر قانونی پیداوار کے پورے نیٹ ورکس کو ختم کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ تمام کوششوں کے باوجود یہ مسئلہ مسلسل بدلتی ہوئی نوعیت کا حامل ہے۔ جرائم پیشہ نیٹ ورکس تیزی سے خود کو ڈھال رہے ہیں اور حکومتی اقدامات سے بچنے کے لیے مختلف طریقے اختیار کر رہے ہیں جن میں پیداوار کی جگہوں کو منتقل کرنا، سمگلنگ کے نئے راستے قائم کرنا، اور خام مال پر ڈیوٹی سے بچنے کے لیے سپلائی چین کے ابتدائی مراحل میں مداخلت کرنا شامل ہے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ وزیراعظم نے اس مسئلے کا براہ راست نوٹس لیا ہے اور وہ ان بدلتی ہوئی حکمت عملیوں سے مکمل طور پر آگاہ ہیں۔ انہوں نے اس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ سخت کارروائیوں کے باعث غیر قانونی مینوفیکچررز نے اپنی سرگرمیاں چھوٹے اور خفیہ مقامات، جیسے رہائشی گھروں اور زرعی زمینوں، میں منتقل کر دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بدلتی ہوئی صورتحال حکومت کیلئے مزید چیلنجز پیدا کر رہی ہے تاہم مشکلات کے باوجود حکومت سگریٹ کے غیر قانونی صنعت اور کاروبار کے خاتمہ کیلئے قوانین کو مزید مضبوط بنانے سرکاری محصولات کے تحفظ میں پرعزم ہے، اس کے ساتھ ساتھ حکومت جائز کاروباروں کی حمایت اور قانون کی بالادستی کو برقرار رکھیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سرمایہ کاری وقت کی ضرورت ہے اور جائز و قانونی کاروبار کے فروغ سے سرمایہ کاری میں اضافہ کی کوششوں کو تقویت ملے گی۔

بقیہ 52

ہمراہ بھٹہ کمانڈ نالہ کہ بندی پر تھے کہ موٹر سائیکل جائنہ پر سوار تین مشکوک افراد کو روکا تو ملزموں نے پولیس پارٹی پر سیدھی فائرنگ کر دی جس سے سب انسپکٹر محسن رضا، معین اختر حوالدار، ذیشان اکرم، شاہد اقبال کانسٹیبل کی وردیوں کو چھو کر گولیاں گزر گئیں اور معجزانہ طور پر بچ گئے پولیس نے ملزموں کا تعاقب کر کے دو ملزموں کو قابو کر لیا ہے جبکہ تیسرا ملزم فرار ہو گیا ملزموں کے قبضہ سے موبائل اور دو ناجائز پسٹل بھی برآمد کر لیے۔ پولیس شاہ کوٹ نے محسن رضا سب انسپکٹر کی مدعیت میں مقدمہ 324, 186,353 اور 4 3 ت پ درج کر کے تفتیش شروع کر دی پولیس نے گرفتار ملزموں کو حراست میں لے لیا اور فرار ملزم کی گرفتاری کے لیے ٹیم روانہ کر دی۔

بقیہ 53

میں بہتر مواقع فراہم کر سکتی ہیں۔ وجیہہ قمر نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان نوجوانوں کو معیاری تعلیم اور مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہنر فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے اور اس مقصد کے لئے بین الاقوامی شراکت داریوں کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ قطر

کے سفیر علی بن مبارک الخاطر نے بھی پاکستان کے ساتھ تعلیمی شعبے خصوصاً تکنیکی تربیت، سکالرشپس اور صلاحیت سازی کے پروگرامز میں تعاون بڑھانے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ دونوں ممالک نے تعلیمی اداروں کے درمیان روابط مضبوط بنانے، مشترکہ منصوبوں کے آغاز اور پیشہ وارانہ تربیت کے شعبے میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا تاکہ پاکستان اور قطر کے دو طرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنایا جا سکے۔

بقیہ 54

کیں وہ قابل ستائش ہے۔ انہوں نے یہاں وفاقی وزیر برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ پیر عمران احمد شاہ کی رہائش گاہ پر ان کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کیا اور فاتحہ خوانی کی۔

بقیہ 55

لیپ ٹاپ سکیم کے تحت منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خان عالم بھی موجود تھے۔ تقریب کے دوران 200 سے زائد طلبہ میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خان عالم نے اپنے خطاب میں کہا کہ جامعہ باچا خان میں طلبہ کو معیاری تعلیم کے ساتھ جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے حکومت کی جانب سے لیپ ٹاپ فراہمی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے طلبہ کی تحقیقی اور تعلیمی صلاحیتوں میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی انتظامیہ طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے مسلسل اقدامات کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر امیر مقام اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خان عالم نے اپنے خطاب میں اس عزم کا اظہار کیا کہ ملک کی ترقی کے لیے اجتماعی سوچ کو فروغ دینا ہوگا، پاکستان نے ہمیشہ امن کو ترجیح دی ہے اور حالیہ علاقائی کشیدگی میں بھی ذمہ دارانہ کردار ادا کیا ہے جس سے عالمی سطح پر پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر ہوا ہے۔ تقریب کے دوران جامعہ کی بہتری کے لیے متعدد اعلانات بھی کیے گئے جن میں مزید 300 طلبہ کو سکالرشپس دینے، طلبہ کی سہولت کے لیے 10 ہائبرڈ بسیں فراہم کرنے، یونیورسٹی کو بجلی کی علیحدہ لائن دینے اور الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے لیے نئی عمارت اور لیبارٹریز کے قیام کے اقدامات شامل ہیں۔

بیرون ملک سرمایہ کاری، رقوم کی پاکستان واپسی کے لیے سازگار پالیسیوں اور ایمنسٹی کی ضرورت ہے، فہیم الرحمٰن سہگل

لاہور (این این آئی) مشیر وزیراعلیٰ پنجاب عمران خاور صدیقی نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب بزنس فرینڈلی پالیسیوں کے فروغ کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے اور صنعتی شعبے کو سہولیات کی فراہمی، ٹیکس اصلاحات اور پالیسیوں میں تسلسل حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل سے ملاقات کے دوران کیا، جہاں موجودہ بین الاقوامی و معاشی صورتحال، صنعتی مسائل اور کاروباری برادری کو درپیش چیلنجز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ مشیر وزیراعلیٰ عمران خاور صدیقی نے لاہور چیمبر پر زور دیا کہ وہ موجودہ حالات کے تناظر میں جامع اور قابل عمل تجاویز حکومت کو پیش کرے تاکہ پالیسی سازی کو مؤثر بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے خصوصی طور پر بزنس کمیونٹی کو سہولیات دینے کے لیے اقدامات کرنے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی، بین الاقوامی تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ، گیس کی قلت اور دیگر معاشی دباؤ کے تناظر میں خصوصاً ایس ایم ای سیکٹر کے تحفظ اور فروغ کے لیے ٹھوس حکمت عملی ناگزیر ہے۔ اس موقع پر صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل نے کہا کہ عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث کاروباری سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں، جس سے مقامی صنعتوں پر بھی دباؤ بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ پاکستان کی صنعتیں بالخصوص خام مال کی قیمتوں میں اضافے، رسد کے مسائل اور شپنگ و انشورنس لاگت میں اضافے جیسے مسائل کا سامنا کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ راستوں کی بندش اور سپلائی چین میں خلل کے باعث نہ صرف لاگت بڑھ رہی ہے بلکہ بروقت ترسیل بھی ایک بڑا مسئلہ بن چکی ہے۔ صدر لاہور چیمبر نے زرعی ملک ہونے کے باوجود منصوبہ بندی کے فقدان پر بھی تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ شوگر سمیت مختلف شعبوں میں درست اور بروقت ڈیٹا کی عدم دستیابی کے باعث طلب و رسد میں عدم توازن پیدا ہوتا ہے، جس سے مارکیٹ متاثر ہوتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بیرون ملک پاکستانیوں کی سرمایہ کاری اور رقوم کی پاکستان واپسی کو ملک میں لانے کے لیے سازگار پالیسیوں کے ساتھ ساتھ ایمنسٹی اور خصوصی مراعات کی ضرورت ہے تاکہ سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہو۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹیکس اور ریگولیٹری نظام کو آسان بنا کر اور دبئی جیسے ماڈلز سے سیکھتے ہوئے سرمایہ کاری کے عمل کو سہل بنایا جا سکتا ہے۔ ملاقات میں صنعتی علاقوں کے مسائل، کنورژن فیس، ٹیکسز، سپر ٹیکس اور سرمایہ کاری کے فروغ کے مختلف پہلوؤں پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی، جبکہ دونوں جانب سے معیشت کے استحکام اور کاروباری ماحول کی بہتری کے لیے مشترکہ اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔ عمران خاور صدیقی نے مزید کہا کہ نجی شعبے کو بینکوں کی جانب سے محدود قرضہ فراہمی بھی ایک بڑا مسئلہ ہے، جسے حل کرنے کے لیے اقدامات کی ضرورت ہے تاکہ صنعت اور کاروبار کو درکار مالی معاونت فراہم کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ لینڈ لیز پالیسی سمیت مختلف اقدامات زیر غور ہیں

بانی پی ٹی آئی کی صحت اور قید تنہائی تشویشناک ہے، سلمان صفدر

لاہور (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کے وکیل سلمان صفدر نے کہا ہے کہ عمران خان کی صحت اور قید تنہائی کی صورتحال نہایت تشویشناک ہے، اب تک ان کی آنکھ میں بھی کوئی بہتری نہیں آئی۔ لاہور ہائیکورٹ بار میں گفتگو کرتے ہوئے سلمان صفدر نے بتایا کہ انہیں بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی وکالت کرتے چار سال ہو چکے ہیں، تاہم رواں سال اب تک صرف ایک ہی ملاقات ممکن ہو سکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی کو روزانہ تقریباً 22 گھنٹے قید تنہائی میں رکھا جاتا ہے، جو ان کے بقول ذہنی اذیت کے مترادف ہے، جیل میں نہ انہیں ٹی وی، کتابیں یا دیگر سہولیات میسر ہیں، نہ ہی وہ کسی سے بات چیت کر سکتے ہیں، یہاں تک کہ وکلاء تک رسائی بھی محدود کر دی گئی ہے۔ سلمان صفدر نے بتایا کہ ملاقات کے دوران بانی پی ٹی آئی مسلسل قید تنہائی کو اذیت قرار دیتے رہے، جیل حکام کی جانب سے دی جانے والی یہ صورتحال کسی عدالتی حکم کا حصہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو سات سال کی سزا سنائی جا چکی ہے،

نصابی کتب کی نامکمل فراہمی ایک سنگین مسئلہ بن چکی ہے

سیکرٹری اسکول ایجوکیشن، چیئرمین ٹیکسٹ بک بورڈ اور وزیر تعلیم پنجاب کی توجہ درکار سرکاری سکولوں میں نصابی کتب کی آدھی فراہمی

مکمل تعلیمی بحران کی علامت، تعلیم پر کفایت شعاری یا پالیسی کی ناکامی؟ ادھوری کتب کے ساتھ نسل نو کے خواب محدود ہونے لگے

چکوال (خاور شہزاد) پنجاب کے سرکاری سکولوں میں گزشتہ دو برس سے نصابی کتب کی نامکمل فراہمی ایک سنگین مسئلہ بن چکی ہے، جہاں بیشتر طلباء کو مکمل نصاب کے بجائے صرف پچاس فیصد کتابیں فراہم کی جارہی ہیں۔ اس صورتحال نے تعلیمی نظام پر کئی سوالات کھڑے کردیے ہیں اور طلباء، اساتذہ و والدین شدید پریشانی میں مبتلا ہیں۔ اساتذہ کا کہنا ہے کہ محدود وسائل کے ساتھ مکمل نصاب پڑھانا ممکن نہیں رہا جبکہ طلباء امتحانات کی تیاری میں شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ عوامی وسماجی حلقوں نے اس صورتحال پر شدید ردعمل دیتے (بقیہ نمبر 25)

ریٹائر انسپکٹر اصغر علی کے اعزاز میں الوداعی تقریب

افسران کا ریٹائر ہونے والے انسپکٹر اصغر علی کی محکمہ کے لئے خدمات پر انہیں خراج تحسین

راولپنڈی (این این آئی) پولیس لائنز ہیڈ کوارٹر میں ریٹائر ہونے والے انسپکٹر اصغر علی کے اعزاز میں الوداعی تقریب کیا گیا، افسران نے ریٹائر ہونے والے انسپکٹر اصغر علی کی محکمہ کے لئے خدمات پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر پولیس لائنز ہیڈ کوارٹر میں ریٹائر ہونے والے انسپکٹر اصغر علی کے (بقیہ نمبر 26)

ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب ریٹائر ہونے والے انسپکٹر اصغر علی کو پھولوں کا گلدستہ دیتے ہوئے

چکوال، بھاری مقدار میں منشیات برآمد، ملزم گرفتار

چکوال (این این آئی) سٹی پولیس نے بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کی زیرنگرانی ایس ایچ او تھانہ سٹی چکوال انسپکٹر سید عاطف رضا، اسسٹنٹ سب انسپکٹر ساجد حسین نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی میں منشیات فروش زاہد خان ولد طور محمد سکنہ پشاور کو گرفتار کر کے اسکے قبضہ سے 6 کلو 570 گرام چرس (بقیہ نمبر 26)

قتل کے ملزم کو قانون کے کٹہرے میں لاکر اپنے منطقی انجام تک پہنچا دیا گیا

چکوال (این این آئی) چکوال تھانہ صدر پولیس کی مؤثر اور پیشہ ورانہ تفتیش نے قتل کے ملزم کو قانون کے کٹہرے میں لاکر اپنے منطقی انجام تک پہنچا دیا، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چکوال جاوید اشرف نے قصبہ مرید قتل کے ملزم خرم افتخار ولد افتخار احمد سکنہ ڈھوک حیات کو مقتول منیر حیدر کے قتل کے جرم میں عمر قید اور 5 لاکھ روپے بطور معاوضہ ادا کرنے کا حکم سنا دیا۔ عدم ادائیگی کی صورت میں ملزم کو مزید 6 ماہ قید بھگتنا ہوگی۔ عدالت نے مدعی (بقیہ نمبر 28)

آئی جی اسلام آباد کا امن وامان کی مجموعی صورتحال اور پولیس امور کا جائزہ

کمپلینٹس مینجمنٹ سسٹم کو مزید فعال بنانے کیلئے ہدایات جاری

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی سید علی ناصر رضوی نے وفاقی دارلحکومت میں امن وامان کی مجموعی صورتحال، شہر بھر میں پٹرولنگ کے نظام، ناکہ جات پر مؤثر چیکنگ، ریڈ زون کی سیکورٹی اور غیر ملکی وفود کی حفاظت کے انتظامات کا جائزہ لیا، کمپلینٹس مینجمنٹ (بقیہ نمبر 31)

راولپنڈی، 5 ملزمان گرفتار، 60 لیٹر شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 5 ملزمان گرفتار کر کے 60 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کر کے 25 لیٹر شراب برآمد کی، گوجر خان پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 15 لیٹر شراب برآمد کی، کینٹ پولیس نے ایک ملزم کو (بقیہ نمبر 29)

اسحاق ڈار کی کویتی وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک گفتگو

خطے میں امن کیلئے سفارتکاری جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الصباح سے ٹیلیفون پر گفتگو کی۔ منگل کو وزارت خارجہ کے مطابق کویت کے وزیر خارجہ نے اسلام آباد مذاکرات میں سہولت کاری پر پاکستان کے کردار کو سراہا اور اس حوالے سے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کی کوششوں کی تعریف کی۔ نائب (بقیہ نمبر 30)

صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی ہائی ٹیک فارم میکانائزیشن پروگرام کی تقریب سے قبل فیکٹری میں جدید مشینری کا جائزہ لے رہے ہیں

سی ٹی او محمد سرفراز ورک کا ٹریفک ہیڈ کوارٹرز فیض آباد کا دورہ

پروسیسنگ کو مزید موثر بنانے اور شہریوں کو بہترین سہولیات مہیا کرنے کیلئے خصوصی ہدایات جاری

اسلام آباد پولیس کا مقصد صرف قانون کا نفاذ نہیں بلکہ شہریوں کو سہولیات فراہم کرنا بھی اولین ترجیح ہے

اسلام آباد (این این آئی) سی ٹی او محمد سرفراز ورک نے ٹریفک ہیڈ کوارٹرز فیض آباد کا دورہ کر کے پروسیسنگ کو مزید موثر بنانے اور شہریوں کو بہترین سہولیات مہیا کرنے کیلئے خصوصی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک نے شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی اور سروسز کی مؤثر نگرانی کیلئے ٹریفک ہیڈ کوارٹرز فیض آباد کا دورہ کیا، اس موقع پر (بقیہ نمبر 32)

پیک آورز ریلیف سٹریٹیجی کے حوالے سے ترجمان پاور ڈویژن نے وضاحت جاری کردی

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے جنوب میں سستی پاور جنریشن کی موجودگی اور اس کی حیسکو (حیدرآباد الیکٹرک سپلائی کمپنی) اور کے الیکٹرک کو فراہمی کی وجہ سے ان دونوں بجلی تقسیم کار کمپنیوں میں سوا دو گھنٹے کی پیک آورز ریلیف سٹریٹیجی کے تحت لوڈ مینجمنٹ نہیں کی جارہی۔ اس کی بنیادی وجہ فرنس آئل سے چلنے والے پلانٹس پر ان دونوں تقسیم کار (بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد، سنگین جرائم میں 19 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

قبضہ سے 317 گرام آئس، سات بوتلیں شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث آٹھ مجرمان اشتہاریوں سمیت 19 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے قبضہ سے 317 گرام آئس، سات بوتلیں شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری (بقیہ نمبر 33)

رانا ثناء اللہ سے چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ محمد سعید کی ملاقات

وفاقی وصوبائی سطح پر مؤثر رابطہ، ہم آہنگی کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور و بین الصوبائی رابطہ رانا ثناء اللہ سے چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد سعید نے وزارت بین الصوبائی رابطہ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک میں آبی وسائل کے بہتر انتظام، واپڈا کے جاری ترقیاتی منصوبوں اور بین الصوبائی ہم آہنگی کے فروغ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ملک میں پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت میں اضافے اور جاری ترقیاتی

وفاقی وزیر مواصلات کا بیساکھی کے موقع پر تہنیتی پیغام اور گرونانک موٹروے کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے بیساکھی کے پرمسرت موقع پر ہندو اور سکھ برادری کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ تہوار فصلوں کی کٹائی، نئی شروعات اور بھائی چارے کی علامت ہے۔ انہوں نے اس موقع پر سکھ یاتریوں کے لیے ایک اہم سنگ میل گرونانک موٹروے منصوبے کی تفصیلات بھی شیئر کیں۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ گرونانک موٹروے ننکانہ صاحب اور کرتارپور کو جوڑنے والی "امن و اتحاد کی شاہراہ" ہے۔ حکومتِ پاکستان کا یہ (بقیہ نمبر 35)

ریاض حسین پیرزادہ سے گرین انکلیوون کے نمائندہ وفد کی ملاقات

پراجیکٹ سے متعلق امور اور ڈویلپمنٹ کی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس ریاض حسین پیرزادہ سے منگل کو گرین انکلیوون کے ایک نمائندہ وفد نے چوہدری امجد علی کی سربراہی میں ملاقات کی جس میں پراجیکٹ سے متعلق امور اور ڈویلپمنٹ کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفد نے گرین انکلیوون کی ڈویلپمنٹ میں تاخیر اور پراجیکٹ کے (بقیہ نمبر 36)

ملکی طلب سے اضافی چینی برآمد کرنے کا گرین سگنل

کھپت کیلئے دستیاب ذخائر کے بعد تقریباً ساڑھے 10 لاکھ ٹن اضافی چینی موجود ہوگی، شوگر ملز ایسوسی ایشن

کسی بھی صورتحال سے بچنے کیلئے ایک بار پھر تمام تر صورتحال کا جائزہ، ایف بی آر سے رپورٹ لینے پر اتفاق

لاہور (این این آئی) حکومت نے ملکی طلب سے اضافی چینی برآمد کرنے کے لئے گرین سگنل دیدیا تاہم کسی بھی صورتحال سے بچنے کے لئے ایک بار پھر تمام تر صورتحال کا جائزہ اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو سے رپورٹ لینے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ چینی برآمد کرنے کا جائزہ لینے کے لئے اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وفاقی سیکرٹری صنعت سیف انجم، ایف بی آر اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن کے چیئرمین چوہدری ذکاء اشرف بھی شریک ہوئے۔ چیئرمین شوگر ملز ایسوسی ایشن چوہدری ذکاء اشرف (بقیہ نمبر 37)

کرتارپور میں بیساکھی میلے کی تیاریاں مکمل

نارووال (این این آئی) کرتارپور میں تین روزہ بیساکھی میلے کی تیاریاں مکمل کرلی گئیں، براستہ واہگہ بارڈر آئے 2038 بھارتی یاتری آج (بروز بدھ) کو کرتارپور پہنچیں گے۔ ممبر پاکستان سکھ گوردوارہ پربندھک کمیٹی سردار اندر جیت سنگھ کے مطابق بھارتی یاتری آج (بدھ) کرتارپور پہنچیں گے جن کی سیکورٹی، رہائش اور لنگر کے انتظامات مکمل کرلیے گئے ہیں۔ بھارت جانب سے کرتارپور راہداری ایک سال سے بند ہے، بھارت سرکار سے اپیل (بقیہ نمبر 38)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن ناصر علی خان ریٹائر ہونے والے انسپکٹر اصغر علی کو پھولوں کا گلدستہ دیتے ہوئے

نارووال کمشنر گوجرانولہ سید نوید حیدر یونیورسٹی آف نارووال میں سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

راولپنڈی میں مفت میت منتقلی سروس شروع

ریسکیو 1122 کی نئی سہولت، ہسپتال سے گھر تک میت کی مفت منتقلی ممکن

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی میں شہریوں کے لیے ایک اہم سہولت کا آغاز کردیا گیا، جہاں ریسکیو 1122 نے مفت میت منتقلی سروس شروع کردی ہے۔ اس اقدام کے تحت سرکاری ہسپتالوں سے میت کو مرحوم کے گھر تک بلا معاوضہ منتقل کیا جائے گا، جس سے غم کی گھڑی میں خاندانوں کو فوری سہارا ملے گا۔ ابتدائی طور پر یہ سروس چند اضلاع میں (بقیہ نمبر 39)

کندھکوٹ: بے نظیر انکم سپورٹ آفس کی انتظامی نااہلی

خواتین کے لیے اذیت بن گئی، ری طور پر اس صورتحال کا نوٹس لیا جائے

کندھ کوٹ (سید رشید شاہ) سید رشید احمد شاہ کی رپورٹ کے مطابق کندھ کوٹ میں بے نظیر انکم سپورٹ آفس کی انتظامی نااہلی، خواتین کے لیے اذیت بن گئی، کندھکوٹ میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے دفتر میں انتظامی بدانتظامی اور نااہلی کے باعث غریب اور نادار خواتین شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ روزانہ سینکڑوں بیوہ اور مستحق خواتین امید لے کر دفتر پہنچتی ہیں مگر مایوسی کے ساتھ واپس لوٹنے پر مجبور ہو جاتی ہیں۔ ذرائع (بقیہ نمبر 40)

راولپنڈی: وارث خان پولیس کی پتنگ سپلائرز کے خلاف کارروائیاں، زیرحراست افراد سے 350 سے زائد پتنگیں، 6 ڈوریں اور پتنگیں بنانے والا سامان برآمد

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپشن

27 مشکوک افراد اور 23 موٹر سائیکل جانچ پڑتال کیلئے تھانے منتقل

701 افراد، 262 گھرانوں، 48 ہوٹلوں، 83 دوکانیں کی چیکنگ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپشن کے دوران 27 مشکوک افراد اور 23 موٹر سائیکلوں کو جانچ پڑتال کیلئے تھانہ جات منتقل کیا جبکہ 701 افراد، 262 گھرانوں، 48 ہوٹلوں، 83 دوکانیں، 251 موٹرسائیکلوں اور 117 گاڑیوں کو چیک کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اس ضمن میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی سپرویژن میں زونل ایس پیز کی زیرنگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ (بقیہ نمبر 41)

ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات کا ضلع تلہ گنگ کا دورہ

ترقیاتی سرگرمیوں کی باقاعدہ نگرانی یقینی بنائی جائے، ڈپٹی کمشنر چکوال

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے ضلع تلہ گنگ کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ فضل شیر اور اسسٹنٹ کمشنر تلہ گنگ سلیمان منشاء کے ہمراہ تلہ گنگ بازار بیوٹیفکیشن منصوبے کا معائنہ کیا اور جاری ترقیاتی وتزئینی کاموں کے معیار، رفتار اور شفافیت کا جائزہ لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ شہر کی خوبصورتی اور شہریوں کو بہتر ماحول کی فراہمی کیلئے جاری کام کے معیار پر خصوصی توجہ دی (بقیہ نمبر 42)

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، زیرحراست افراد سے برآمد ہونے والی شراب

4 روزہ انسداد پولیو مہم کا دوسرے روز، سیکورٹی کے موثر انتظامات

1000 سے زائد افسران و اہلکاروں نے فرائض سرانجام دیئے

راولپنڈی (این این آئی) 4 روزہ انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز راولپنڈی پولیس نے موثر سیکورٹی انتظامات کیئے، 1000 سے زائد افسران و اہلکاروں نے فرائض سرانجام دیئے۔ تفصیلات کے مطابق 4 روزہ انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز راولپنڈی پولیس نے موثر سیکورٹی انتظامات کیئے، 1000 سے زائد افسران و اہلکاروں نے فرائض سرانجام دیئے، ضلع بھر میں 688 پولیو ٹیمز کو سیکورٹی فراہم کی گئی، 352 ٹرانزٹ پوائنٹس (بقیہ نمبر 43)

تھانہ صدر بیرونی پولیس کی کارروائی زیر حراست شخص سے مسروقہ موٹر سائیکل و مسروقہ یو پی ایس اور بیٹریاں برآمد

راولپنڈی، 2 پتنگ سپلائر گرفتار، 350 پتنگیں برآمد

6 ڈوریں، پتنگیں بنانے والا سامان برآمد ضبط کرلیا گیا، کارروائی شروع

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے 2 پتنگ سپلائر گرفتار کر کے 350 سے زائد پتنگیں، 6 ڈوریں اور پتنگیں بنانے والا سامان برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے پتنگ سپلائرز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 2 پتنگ سپلائر کو گرفتار کر کے 350 سے زائد پتنگیں، 6 ڈوریں اور پتنگیں بنانے والا سامان برآمد کرلیا، زیرحراست اشخاص کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے گرفتار کرلیا گیا، پتنگ بازی کو ناقابل ضمانت جرم قرار دیا گیا ہے۔ ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ پتنگ بازی (بقیہ نمبر 44)

موٹر سائیکل چوری ونقب زنی کی وارداتوں میں ملوث شخص گرفتار

2 مسروقہ موٹر سائیکل و مسروقہ یو پی ایس اور 2 بیٹریاں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ صدر بیرونی پولیس نے موٹر سائیکل چوری اور دیگر چوری و نقب زنی کی وارداتوں میں ملوث شخص گرفتار کر کے 2 مسروقہ موٹر سائیکل و مسروقہ یو پی ایس اور 2 بیٹریاں برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر بیرونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری اور دیگر چوری و نقب زنی کی وارداتوں میں ملوث شخص کو گرفتار کرلیا، زیرحراست شخص سے 2 مسروقہ موٹر سائیکل و مسروقہ یو پی ایس (بقیہ نمبر 45)

ایڈیٹر انچیف۔۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ایس ایچ اوز اور محرران میں بہترین کارکردگی پر تعریفی اسناد تقسیم

تمام افسران محنت، جانفشانی اور دل جوئی سے کام کریں، پولیس افسران کی اچھی کارکردگی کو سراہا جائے گا

غیر تسلی بخش کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالے افسران کے خلاف محکمانہ کارروائیاں عمل میں لائی جائے گی، ایس پی سٹی زون

اسلام آباد (این این آئی) ایس پی سٹی زون ڈاکٹر ایاز حسین نے سٹی زون کے ایس ایچ اوز اور محرران کو بہترین کارکردگی پر تعریفی اسناد سے نوازدیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں سپرٹینڈنٹ آف پولیس سٹی زون ڈاکٹر ایاز حسین نے سٹی زون کے ایس ایچ اوز اور محرران کو بہترین کارکردگی پر تعریفی اسناد سے نوازا۔ اس موقع پر ایس پی سٹی زون نے کہا کہ آئی جی اسلام آباد کے احکامات پر اسلام آباد پولیس میں افسران کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری ہے۔ تمام افسران (بقیہ نمبر 46)

صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین چین کے سرمایہ کار گروپ کے سربراہ کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

2 منشیات سپلائر کو 18 سال قید، 4 لاکھ 80 ہزار جرمانے کی سزا سنا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث 2 منشیات سپلائر کو مجموعی طور پر 18 سال قید اور 4 لاکھ 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے مجرم ذیشان کو 9 سال قید اور 4 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی، مجرم سے 1 کلو 400 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ صدر بیرونی پولیس نے اکتوبر 2024 میں گرفتار کیا تھا، مجرم دلاور حسین کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا (بقیہ نمبر 47)

ایران، امریکا پاکستان پر اعتماد کر کے اسلام آباد آئے، مراد علی شاہ

امریکا، ایران مذاکرات کا انعقاد پاکستان کی اہم کامیابی ہے، شرجیل میمن

کراچی (اے ایف بی) وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے کہا کہ ایران اور امریکا پاکستان پر اعتماد کر کے اسلام آباد آئے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مراد علی شاہ نے کہا کہ جو قوتیں بات کرنے پر آمادہ نہیں تھیں انہیں مذاکرات کی میز پر لایا گیا، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی کوششوں سے یہ سب ممکن ہوا، ایران امریکا مذاکرات پر حکومت نے پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 48)

پنجاب اسمبلی کا اجلاس (آج) شروع ہوگا

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کا 41 ویں اجلاس آج (بدھ) دوپہر دو بجے شروع ہوگا۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ ایجنڈے کے مطابق اجلاس میں محکمہ ایکسائز سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے۔ چار تحاریک التوا کار بھی ایجنڈے کا حصہ ہیں جبکہ، سٹیمپ (ترمیم) آرڈیننس 2026 اور پنجاب فرانزک سائنس اتھارٹی (ترمیمی) بل بھی ایوان میں پیش (بقیہ نمبر 49)

ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق کی کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر حل کے احکامات جاری کئے

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی محمد جواد طارق نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر حل کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے حل کے لئے پرعزم ہے، اس سلسلہ میں ڈپٹی انسپکٹر (بقیہ نمبر 50)

ملک میں سرمایہ کاری وقت کی ضرورت ہے

حکومت غیر قانونی سگریٹس کے کاروبار کے خاتمہ کے لئے موثر اقدامات کررہی ہے، بلال اظہر کیانی

جائز وقانونی کاروبار کے فروغ سے سرمایہ کاری میں اضافہ کی کوششوں کو تقویت ملے گی، وزیر مملکت برائے خزانہ

نارووال: ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر اورنگزیب متوقع سیلاب کے پیش نظر کشتیوں کا معائنہ کررہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ ومحصولات بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ حکومت غیر قانونی سگریٹس کے کاروبار کے خاتمہ کیلئے موثر اقدامات کررہی ہے اس ضمن میں نفاذ قانون کو مزید مضبوط بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے یہ بات اکسفورڈ اکنامکس کے زیراہتمام غیر قانونی سگریٹ سے متعلق کاروبار متعلق جائزہ رپورٹ کے اجراء کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے کئی دیگر ممالک کی طرح پاکستان کو بھی غیر قانونی سگریٹ کے بڑے (بقیہ نمبر 51)

وفاقی وزیر مملکت وجیہہ قمر سے قطر کے سفیر کی ملاقات

تعلیم اور ہنرمندی کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ وارانہ تربیت وجیہہ قمر نے پاکستان میں قطر کے سفیر علی بن مبارک الخاطر سے قطر کے سفارتخانہ میں ملاقات کی جس میں دونوں ممالک کے درمیان تعلیم اور ہنرمندی کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران تکنیکی و پیشہ وارانہ تعلیم و تربیت (ٹیوٹ) کے شعبے میں اشتراک بڑھانے، نوجوانوں کے لئے مہارتوں کی ترقی کے منصوبوں کو وسعت دینے اور طلبہ و اساتذہ کے تبادلہ پروگرامز کو فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے اس امر پر زور دیا کہ جدید تقاضوں سے ہم آہنگ مہارتیں نوجوانوں کو عالمی منڈی (بقیہ نمبر 53)

مشکوک موٹر سائیکل سواروں میں مقابلہ، دو خطرناک ملزم گرفتار

ساہیوال (این این آئی) نواحی چک 69 بارہ ایل کے قریب پٹرولنگ پولیس چوکی اور تین موٹر سائیکل سواروں میں پولیس مقابلہ کے بعد دو خطرناک ملزم گرفتار ایک فرار ہونے میں کامیاب، گرفتار ملزموں میں محمد منان ڈوٹو منکیرہ، محمد بلال انصاری چونگی نمبر 11 ملتان، جبکہ فرار ہونے والے ملزم بلال ڈوگر ساکن 11 ڈوگراں میاں چنوں شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پٹرولنگ پولیس کے سب انسپکٹر محسن رضا سرکاری گاڑی بلا نمبری میں اپنی ٹیم کے (بقیہ نمبر 52)

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے گورنر سندھ نہال ہاشمی کی ملاقات

گورنر سندھ نے وزیراعظم کو سندھ کے امور کے حوالے سے آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے گورنر سندھ نہال ہاشمی نے ملاقات کی جس میں انہوں نے امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی اور علاقائی امن کے لئے جاری کوششوں پر وزیراعظم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے منگل کو جاری بیان کے مطابق ملاقات میں گورنر سندھ نے وزیراعظم کو سندھ کے امور کے حوالے سے آگاہ کیا۔

پاکستان کا ثالثی کردار دنیا نے قابل تحسین قرار دیا، چیئرمین سینٹ

ساہیوال (این این آئی) چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ بھارت نے پاکستان پر حملہ کیا ہم نے ایٹمی پاور ہونے کے باوجود تحمل کا مظاہرہ کیا اور دنیا کو باور کرایا کہ ہم پر امن ایٹمی طاقت ہیں، ایران امریکہ اور اسرائیل کا تنازعہ عرب ممالک سمیت پوری دنیا کے لیے کڑا امتحان ہے پاکستان نے ثالثی کی کوشش کی جس پر دنیا نے پاکستان کی کوششوں کا اعتراف کیا پاکستان نے سیز فائر ممکن کروایا وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے جو کوشش (بقیہ نمبر 54)

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، زیرحراست افراد سے برآمد ہونے والی شراب

پاکستان خطے میں امن کے فروغ کیلئے کوشاں ہے، امیر مقام

جدید دور میں تعلیم وٹیکنالوجی لازم وملزوم، لیپ ٹاپ سکیم کے ذریعے لاکھوں طلبہ مستفید ہوچکے ہیں، انجینئر امیر مقام

حالیہ علاقائی کشیدگی میں بھی ذمہ دارانہ کردار ادا کیا ہے، وفاقی وزیر کا جامعہ باچا خان میں وزیراعظم یوتھ لیپ ٹاپ سکیم کے تحت منعقدہ تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر وگلگت بلتستان وسیفران اور صوبائی صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ جدید دور میں تعلیم اور ٹیکنالوجی لازم وملزوم ہوچکے ہیں، حکومت طلبہ کو جدید سہولیات فراہم کر کے انہیں مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ کررہی ہے، وزیراعظم کی لیپ ٹاپ سکیم کے ذریعے لاکھوں طلبہ مستفید ہوچکے ہیں جو ملک کی تعلیمی ترقی میں اہم سنگ میل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ باچا خان میں وزیراعظم یوتھ (بقیہ نمبر 55)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے گورنر سندھ نہال ہاشمی کی ملاقات

گورننس، اقتصادی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے گورنر سندھ نہال ہاشمی نے ملاقات کی۔ منگل کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیرِ خارجہ نے گورنر کو 13 مارچ 2026 کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی اور ان کی کامیاب مدتِ ملازمت کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں نے گورننس، اقتصادی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیرِ خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے صوبوں میں ترقی اور خوشحالی کے فروغ کے لئے وفاقی حکومت کے مسلسل تعاون اور حمایت کے عزم کا اعادہ کیا۔